Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 17 | ہفتہ، 15 اگست 2026ء، یکم ربیع الاول 1448ھ، قیمت 20 روپے | شمارہ 119

پی آئی ڈی لاہور میں یومِ آزادی کی تقریب کا انعقاد

ڈی جی شفقت عباس کی زیرِ صدارت تقریب میں ممتاز صحافیوں اور میڈیا نمائندگان نے شرکت کی، شرکاء نے قومی جوش و جذبے کے ساتھ یومِ آزادی کا کیک کاٹا، تحریکِ آزادی کے رہنماؤں اور قربانی دینے والوں کو یاد کیا گیا

آزادی کی جدوجہد کو نئی نسل تک پہنچانے کے عزم کا اظہار کیا گیا، صحافتی برادری نے جمہوری استحکام اور قومی یکجہتی کے لئے مثبت کردار جاری رکھنے کا وعدہ کیا، پاکستان کی سلامتی، بقا اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

ڈائریکٹر جنرل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ لاہور شفقت عباس، سینئر صحافیوں ارشد انصاری، سلمان غنی، ملک سلمان، حافظ اقبال اور دیگر کے ہمراہ لاہور میں 79ویں یوم آزادی کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

لاہور (اے پی پی): پاکستان کے 80ویں یومِ آزادی کے موقع پر ڈائریکٹر جنرل پریس انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ (PID) لاہور شفقت عباس کی زیرِ صدارت ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں لاہور سے تعلق رکھنے والے ممتاز صحافیوں، سینئر میڈیا نمائندگان اور صحافتی برادری کی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری، سینئر صحافی (بقیہ نمبر 1)

وزیراعلیٰ پنجاب کا لاہور کے شہریوں کے لیے خوبصورت تحفہ

ریلوے اسٹیشن کے پارکنگ ایریا میں شہر کا پہلا ڈائننگ فاؤنٹین نصب

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے یومِ آزادی کے موقع پر لاہور کے شہریوں کو ایک خوبصورت تحفہ دے دیا، ریلوے اسٹیشن کے پارکنگ ایریا میں شہر کا پہلا ڈائننگ فاؤنٹین نصب کر دیا گیا۔ لاہور ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایل ڈی اے) کی جانب سے نصب کیے گئے اس رنگا رنگ ڈائننگ فاؤنٹین نے علاقے کی خوبصورتی میں اضافہ کر دیا ہے اور شہریوں کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ اس منصوبے کے ساتھ ساتھ ریلوے اسٹیشن کے پارکنگ (بقیہ نمبر 39)

ویمن پروٹیکشن سنٹر راولپنڈی میں تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

ڈسٹرکٹ ویمن پروٹیکشن آفیسر رضوانہ بشیر نے ریفرل میکانزم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ویمن پروٹیکشن سینٹر راولپنڈی کے زیرِ اہتمام صنفی بنیاد پر تشدد (Gender-Based Violence) (GBV) سے متاثرہ خواتین کے لیے مؤثر اور معیاری خدمات کی فراہمی اور مربوط (بقیہ نمبر 4)

راولپنڈی ویمن یونیورسٹی میں یومِ آزادی کی پروقار تقریب

پرچم کشائی، گارڈ آف آنر، نئے یونیورسٹی ترانے کی رونمائی اور شجرکاری؛ وائس چانسلر کا تعلیم کو قومی تعمیر کی بنیاد بنانے پر زور

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) راولپنڈی ویمن یونیورسٹی میں پاکستان کے 79ویں یومِ آزادی کے موقع پر ایک پروقار اور قومی جذبے سے بھرپور تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں وطنِ عزیز سے محبت، قومی ذمہ داری اور (بقیہ نمبر 3)

آزادی دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہے، جسٹس صداقت علی خان

قائداعظم کے افکار کی روشنی میں ملکی ترقی میں مثبت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے، یومِ آزادی کی تقریب سے خطاب

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سینئر جسٹس لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ صداقت علی خان نے کہا ہے کہ آزادی دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہے جسے ہمارے آباؤاجداد نے بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا۔ ہم سب (بقیہ نمبر 2)

قومی خودمختاری کا انحصار ڈیجیٹل سپیس کے تحفظ پر بھی ہے

سائبر ماہرین اور افواج کے سائبر ونگز نے ڈیجیٹل جنگ میں دشمن کو شکست دی، یومِ آزادی پر وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ کا خطاب

پاکستان کے 80ویں یومِ آزادی کے موقع پر وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کا ڈیجیٹل خودمختاری، مضبوط سائبر سیکورٹی پر زور

اسلام آباد (اے پی پی): وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے ٹیکنالوجی اور سائبر سیکورٹی کی بڑھتی ہوئی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ قومی خودمختاری کا انحصار اب پاکستان کی ڈیجیٹل سپیس کے تحفظ پر بھی ہے۔ پاکستان کے 80ویں یوم آزادی کے موقع پر جمعہ کو پرچم کشائی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 2026 میں (بقیہ نمبر 8)



ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز شیخ فرید احمد ڈی جی پی آر آفس میں یوم آزادی کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کی بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں جاری حوثی حملوں کی مذمت

نیو پارک (این این آئی) پاکستان نے بحیرہ احمر اور خلیج عدن میں جاری حوثی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ بحری جہازوں پر یہ حملے، جن میں تجارتی (بقیہ نمبر 41)

پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، ملک صہیب احمد بھرتھ

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات کی قوم کو 79ویں یومِ آزادی کی مبارکباد

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ نے قوم کو پاکستان کے 79ویں یومِ آزادی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان ہماری پہچان، ہمارا فخر اور ہماری امید ہے، 79واں یومِ آزادی ملک بھر میں قومی جوش (بقیہ نمبر 40)

سوئی ناردرن گیس ہیڈ آفس لاہور میں یومِ آزادی کی تقریب

قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال کے کردار کو خراجِ تحسین، پاک افواج کی قربانیوں اور فتوحات کو سراہا

تقریب کے مہمانِ خصوصی مینیجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن گیس عامر طفیل تھے، پرچم کشائی کے بعد پودا بھی لگایا گیا

79ویں یوم آزادی کے موقع پر لاہور میں سوئی ناردرن گیس کے ہیڈ آفس میں پرچم کشائی کی تقریب کے مہمانِ خصوصی مینیجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن گیس عامر طفیل پرچم کشائی کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر لاہور میں سوئی ناردرن گیس کے ہیڈ آفس میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمانِ خصوصی مینیجنگ ڈائریکٹر سوئی ناردرن گیس عامر طفیل تھے۔ ایم ڈی نے پاکستان کی آزادی کے لیے قائداعظم محمد علی جناح، علامہ اقبال کے کردار کی تعریف کی۔ ایم ڈی سوئی ناردرن نے پاک افواج کے معرقہ حق کی فتح پر پاک افواج کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ ایم ڈی نے اپنے خطاب میں ملازمین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ ملک کی بہتری اور کمپنی کی ترقی کے لیے یک جان ہو کر کام کریں۔ بعد ازاں ایم ڈی نے پرچم کشائی اور پودا بھی لگایا۔ تقریب میں اس موقع پر کمپنی کے سینئر مینجمنٹ اور ملازمین نے بھی شرکت کی۔

وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری کی ہدایت پر ڈی جی پی آر میں 79ویں یومِ آزادی کی مناسبت سے پروقار تقریب کا انعقاد

پاکستان کی ترقی، خدمت اور سربلندی کے عزم کا اظہار

پاکستان بزرگوں کی لازوال قربانیوں اور قائداعظمؒ کی قیادت کا ثمر ہے، پاکستان کی ترقی ذمہ داری، خدمت فرض اور سربلندی ہماری منزل ہے، شیخ فرید احمد

اس موقع پر ڈی جی پی آر پنجاب شیخ فرید احمد نے پرچم کشائی کی، آخر میں وطن عزیز کی سلامتی، بھلائی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

ہمارے بزرگوں نے آزادی کے حصول کے لیے بے شمار قربانیاں دیں اور ہجرت کی صعوبتیں برداشت کیں، پاکستان صرف زمین کا ایک ٹکڑا نہیں بلکہ ہمارے خوابوں، امیدوں اور آنے والی نسلوں کا مستقبل ہے

ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز شیخ فرید احمد ڈی جی پی آر آفس میں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کر رہے ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کی خصوصی ہدایت پر دفتر ڈی جی پی آر میں پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے سلسلے میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ڈی جی پی آر کے افسران و اہلکاروں نے بھرپور شرکت کی، جبکہ ڈی جی پی آر پنجاب شیخ فرید احمد تقریب کے مہمانِ خصوصی تھے۔ اس موقع پر ڈی جی پی آر پنجاب شیخ فرید احمد نے قوم کو پاکستان کے 79ویں یوم آزادی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان قائداعظم محمد علی جناحؒ کی بے مثال قیادت اور ہمارے بزرگوں کی (بقیہ نمبر 5)

ڈائریکٹر جنرل پبلک ریلیشنز شیخ فرید احمد ڈی جی پی آر آفس میں یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کے بعد ملک و قوم کی سلامتی کے لئے دعا کر رہے ہیں

روسی سفیر کی پاکستانی قوم کو یوم آزادی پر مبارکباد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں روس کے سفیر البرٹ بی خوروف نے یوم آزادی کے موقع پر پاکستانی عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے پاکستان اور روس کے درمیان دوستانہ اور باہمی احترام پر مبنی تعلقات کو اجاگر کیا ہے۔ جمعرات کو جاری (بقیہ نمبر 50)

یومِ آزادی پاکستان، پنجاب سوشل سکیورٹی میں تقریبات کا انعقاد

کمشنر سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل نے ہیڈ آفس میں پرچم کشائی کی

لاہور (این این آئی) پاکستان کا 79واں یوم آزادی پنجاب سوشل سکیورٹی میں قومی جوش و جذبے کے ساتھ منایا گیا تقریبات میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کو بھی بھرپور خراج عقیدت بھی پیش کیا گیا۔ پنجاب سوشل سکیورٹی کے ہیڈ آفس، دفاتر، ہسپتالوں اور میڈیکل آؤٹ لیٹس میں پروقار پرچم کشائی کی تقریبات منعقد ہوئیں۔ سوشل سکیورٹی ہیڈ آفس لاہور میں کمشنر سوشل سکیورٹی ذوالفقار علی کھرل نے قومی پرچم لہرایا جبکہ جشنِ آزادی (بقیہ نمبر 49)

سرکاری سکولوں کے فنڈز کی نگرانی مزید سخت کرنے کا فیصلہ

محکمہ سکول ایجوکیشن نے ایس ایم سیز کے فنڈز کا مکمل حساب طلب کر لیا

لاہور (این این آئی) پنجاب کے سرکاری سکولوں کے فنڈز کی نگرانی مزید سخت کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے سکول مینجمنٹ کونسلز (ایس ایم سیز) کے فنڈز کا مکمل حساب طلب کر لیا۔ محکمہ نے تمام ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز سے آڈٹ کمیٹیوں کی تشکیل کا اسٹیٹس فوری طلب کرتے ہوئے تمام سی ای اوز سے جواب طلب کر لیا۔ ایس ایم سی (بقیہ نمبر 45)

شیعہ علماء کونسل اور جعفریہ اسٹوڈنٹس کی جشنِ آزادی ریلی

پاکستان کی خوشحالی، سالمیت اور ترقی کے لئے بھرپور کردار ادا کریں گے

کندھ کوٹ (سید رشید احمد شاہ) کندھ کوٹ: 14 اگست یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر شیعہ علماء کونسل پاکستان اور جعفریہ اسٹوڈنٹس کے زیرِ اہتمام علمدار روڈ سے پریس کلب تک عظیم الشان پاکستان زندہ باد ریلی نکالی گئی ریلی میں شیعہ علماء کونسل ضلع کشمور کے صدر جمیل حیدر ساجدی، ضلعی جنرل سیکریٹری سید کاظم علی شاہ، ڈپٹی سیکریٹری علی نواز ساجدی، جے ایس او سٹی صدر سید سراج احمد شاہ، ڈویژنل رہنما راجا امیر حسن، کامران علی، شبیر (بقیہ نمبر 10)

لاہور: چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ یوم آزادی پر شاعر مشرق حضرت علامہ اقبال کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

لاہور میں 3 اہلکاروں کی شہادت میں مطلوب 2 ملزمان ہلاک

ریان پورہ، منوں آباد اور گردونواح میں پولیس کی بھاری نفری تعینات کر دی گئی ہے

کالا شاہ کاکو (این این آئی) لاہور میں پولیس اہلکاروں پر ہونے والے حملوں میں 3 اہلکاروں کی شہادت کے بعد مریدکے کے علاقے ریان پورہ میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران 2 مطلوب ملزمان ہلاک ہو گئے۔ پولیس کے مطابق ہلاک ہونے والوں میں مرکزی ملزم ریحان بٹ اور اس کا ایک ساتھی شامل ہیں پولیس حکام کے مطابق گزشتہ روز لاہور (بقیہ نمبر 46)

یومِ آزادی کی تقریب، چیف جسٹس عالیہ نیلم نے پرچم لہرایا

قائد کے ویژن کے مطابق شبانہ روز محنت ہمارا شعار ہے، چیف جسٹس مس عالیہ نیلم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں 79 ویں جشنِ آزادی کے سلسلہ میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی، چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے عدالت عالیہ لاہور کی تاریخی عمارت پر پرچم لہرایا۔ اس موقع پر پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی۔ تقریب میں لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس عابد عزیز شیخ، جسٹس سید (بقیہ نمبر 47)

لاہور: چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس میں عالیہ نیلم یوم آزادی کے موقع پر عدالت عالیہ لاہور کی تاریخی عمارت پر پرچم کشائی کر رہی ہیں

پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے والے تیسرے ملزم کی شناخت ہو گئی

ریحان بٹ کے ساتھی 32 سالہ طارق نامی شخص کا تعلق باغ کشمیر سے ہے

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت لاہور میں تین پولیس اہلکاروں کو شہید کرنے والے تیسرے ملزم کی شناخت ہو گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ریحان بٹ کے ساتھی 32 سالہ طارق نامی شخص کا تعلق باغ کشمیر سے ہے، طارق پر تھانہ راوی روڈ میں 13/20/65 کی دفعہ کے تحت مقدمہ درج ہے، طارق کا ڈیٹا ہوٹل آئی سے لیا گیا جبکہ وہ گزشتہ (بقیہ نمبر 48)

یومِ آزادی پر وفاقی وزیر آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ کا پیغام

بانیانِ پاکستان، افواجِ پاکستان اور موجودہ قیادت کو خراجِ تحسین، معرکہ حق میں فتح کو قومی جرات اور اتحاد کی علامت قرار دیا

آئی ٹی برآمدات میں 21٪ اضافہ اور عالمی درجہ بندی میں بہتری جدید انفراسٹرکچر، AI اقدامات اور نوجوانوں کی ڈیجیٹل مہارتوں پر سرمایہ کاری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) یوم آزادی اسلامی جمہوریہ پاکستان کے موقع پر وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن محترمہ شزہ فاطمہ خواجہ کا پیغام یومِ آزادی کے اس موقع پر، میں اپنے وطن اور دنیا بھر میں مقیم تمام پاکستانیوں کو مبارکباد پیش کرتی ہوں کیونکہ ہم اپنے وطن کی آزادی کی 79ویں سالگرہ منا رہے ہیں۔ آج کے دن، ہم اپنے بانیانِ ملت کی بصیرت اور قربانیوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہیں اور اس ہر نسل کو سلام پیش کرتے ہیں جو پاکستان کو آگے لے کر گئی۔ ہم وزیراعظم محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید (بقیہ نمبر 6)

الزام علیہ کی سفارش مہنگی پڑ گئی، کانسٹیبل اپنے ہی تھانے میں گرفتار

لاہور (این این آئی) تھانہ بھاٹی گیٹ کے کانسٹیبل کو ایک الزام علیہ کی مبینہ سفارش کرنا مہنگا پڑ گیا، اختیارات سے تجاوز، شہری پر تشدد اور افسر سے مبینہ بدتمیزی کے الزام میں اپنے ہی تھانے میں مقدمہ درج ہونے کے بعد گرفتار کر لیا گیا۔ ایف آئی آر کے (بقیہ نمبر 52)

ای پاسپورٹ سہولیات مزید آسان بنانے کا فیصلہ

ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس محمد علی رندھاوا کی زیرِ صدارت اہم اجلاس

لاہور (این این آئی) اوورسیز پاکستانیوں کیلئے ای پاسپورٹ سہولیات کے توسیعی منصوبے پر اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ محکمہ امیگریشن اینڈ پاسپورٹس نے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے پاسپورٹ سروسز کو مزید موثر اور عوام دوست بنانے کیلئے اقدامات تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس حوالے سے ڈی جی امیگریشن اینڈ پاسپورٹس محمد علی رندھاوا کی زیرِ صدارت سینئر افسران کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں محکمے کے مختلف شعبہ جات کی (بقیہ نمبر 51)

سرگودھا میں مسلم لیگ (ن) کی جانب سے یومِ آزادی کی پروقار تقریب

قومی پرچم فضا میں بلند کیا گیا ملکی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

چوہدری شاہ نواز رانجھا نے جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی خدمت پر زور دیا

شرکاء نے پاکستان زندہ باد اور پاک فوج پائندہ باد کے نعروں سے وطن سے محبت کا اظہار کیا

سرگودھا (طارق قاسمی سے) مسلم لیگ (ن) سرگودھا کے ڈویژنل سیکریٹریٹ پر یوم آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی اس موقع پر ڈویژنل صدر مسلم لیگ ن سرگودھا ڈویژن چوہدری شاہ نواز رانجھا نے پارٹی عہدیداران کارکنان اور شہریوں کے ہمراہ قومی پرچم لہرایا جبکہ سابق ایم این اے الحاج ملک محمد اسلم پنجیلا ڈویژنل کوآرڈینیٹر رائے حامد رضا بھٹی ڈویژنل جوائنٹ سیکرٹری جنت گل خان تحصیل صدر ملک اسد اکرم پنجیلا ایڈووکیٹ ڈویژنل انفارمیشن سیکرٹری طارق محمود قاسمی ڈویژنل رہنما چوہدری احمد حسن رانجھا ڈویژنل کوآرڈینیٹر منیار ٹیزر فارس بھٹی صدر ڈیف ونگ مہر عبدالسلام ضلعی راہنما (بقیہ نمبر 7)

مسلم لیگ (ن) سرگودھا کے ڈویژنل سیکریٹریٹ پر ڈویژنل صدر مسلم لیگ ن سرگودھا ڈویژن چوہدری شاہ نواز رانجھا کیک کاٹ رہے ہیں

وزیر اعلیٰ کی قوم کو پاکستان کے یومِ آزادی پر دلی مبارکباد

ایک مضبوط، خودمختار اور خوشحال پاکستان کی تعمیر ہمارا قومی عزم ہے، اویس لغاری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری نے قوم کو پاکستان کے 80ویں یومِ آزادی پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ آزادی ہمارے بزرگوں کی عظیم جدوجہد اور لازوال قربانیوں کا ثمر ہے، یومِ آزادی ہمیں قومی یکجہتی، ملکی مفاد اور پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے متحد ہو کر آگے بڑھنے کا پیغام دیتا ہے، قائداعظم (بقیہ نمبر 42)

اسحاق ڈار سے امریکی ناظم الامور نٹالی اے بیکر کی ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے امریکی ناظم الامور نٹالی اے بیکر نے جمعہ کو دفتر خارجہ میں ملاقات کی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران (بقیہ نمبر 43)

گھانا کے اعلیٰ سطحی وفد کا رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ، مشترکہ تعلیمی و تحقیقی منصوبوں پر پیش رفت

رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اور گھانا کے درمیان تعلیمی تعاون پر اتفاق

گھانا کے نمائندگان نے رفاہ یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ کیا، طلبہ و اساتذہ کے تبادلوں اور صحت کے شعبے میں تعاون پر بات چیت ہوئی

چانسلر حسن محمد خان کا عالمی سطح پر تعلیمی شراکت داری کے وژن پر زور، مستقبل میں مشترکہ پروگرامز، تحقیقی منصوبے اور استعدادِ کار میں اضافہ ہوگا

پاکستان اور گھانا کے درمیان تعلیمی و تحقیقی روابط کو فروغ دینے کے لیے گھانا کے اعلیٰ سطحی وفد کا رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان اور گھانا کے درمیان تعلیمی و تحقیقی روابط کو فروغ دینے کے لیے گھانا کے اعلیٰ سطحی وفد نے رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی اسلام آباد کا دورہ کیا، جہاں دونوں ممالک کے درمیان اعلیٰ تعلیم، تحقیق، صحت سے متعلق تعلیم، فیکلٹی و طلبہ کے تبادلوں اور مشترکہ علمی منصوبوں کے حوالے سے تعاون کے نئے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ گھانا کے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے سینئر نمائندگان پر مشتمل وفد کا رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے اعلیٰ حکام نے استقبال کیا۔ وفد نے یونیورسٹی کی قیادت سے ملاقات کے دوران ادارے کے تعلیمی نظام، مختلف پروفیشنل پروگرامز، تحقیقی (بقیہ نمبر 9)

زمینی تنازعہ پر جھگڑا، چھریوں کے وار سے تیس سالہ شخص قتل

لاہور (این این آئی) ہیئر کے علاقہ جاہمن میں زمینی تنازعہ پر جھگڑے میں چھریوں کے وار سے تیس سالہ شخص کو قتل جبکہ پانچ کو زخمی کر دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ زمین کے تنازعہ پر دو گروپوں میں جھگڑا ہو گیا، اس دوران چھریوں کے وار سے حملے میں 30 سالہ قاسم جاں بحق اور 05 افراد زخمی ہو گئے۔

پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس میں کمانڈ کی تبدیلی

بریگیڈیئر محمد رضوان خان نے نئے ڈی جی کی حیثیت سے کمانڈ سنبھال لی

لاہور (این این آئی) پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس میں کمانڈ کی تبدیلی کی پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں فورس کے پہلے ڈائریکٹر جنرل بریگیڈیئر مظہر اقبال نے دو سالہ مدتِ قیادت مکمل ہونے پر کمانڈ نئے ڈائریکٹر جنرل بریگیڈیئر محمد رضوان خان کے سپرد کر دی۔ بریگیڈیئر محمد رضوان خان نے پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس کے نئے ڈائریکٹر جنرل کی حیثیت سے باضابطہ طور پر کمانڈ سنبھال لی۔ تقریب میں سیکرٹری ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول محمد مسعود مختار سمیت پنجاب کاؤنٹر نارکوٹکس فورس (بقیہ نمبر 44)

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar
عوام کی بے ساختہ للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

افغانستان، دہشت گردی کا مرکز

اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی مانیٹرنگ ٹیم کی تازہ رپورٹ نے پاکستان کے اس دیرینہ مؤقف کو تقویت بخشی ہے کہ افغان سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کیلئے استعمال ہورہی ہے۔اس رپورٹ میں 'جو 16دسمبر2025ء سے 9جون2026ء تک کے عرصے کا احاطہ کرتی ہے' واضح کیا گیا ہے کہ افغان طالبان کی جانب سے کالعدم ٹی ٹی پی کی حمایت کی وجہ سے پاکستان پر حملوں میں اضافہ ہوا ہے۔سکیورٹی امور کے ایک تحقیقاتی ادارے کی رپورٹ کے مطابق رواں سال کی پہلی ششماہی میں ملک میں دہشت گردی کے واقعات میں 79فیصد اضافہ ہوا' جس کی ذمہ دار کالعدم ٹی ٹی پی ہے جسے افغانستان میں محفوظ ٹھکانے میسر ہیں۔اس پس منظر میں افغان عبوری حکومت کا یہ بیانیہ کہ اسکی سرزمین کسی دوسرے ملک کے خلاف استعمال نہیں ہورہی' سفید جھوٹ کے سوا کچھ نہیں۔

افغان طالبان نے دوحہ معاہدے میں دہشت گردوں کو افغان سرزمین کے استعمال سے روکنے کی ذمہ داری قبول کی تھی؛ اس ذمہ داری سے انحراف نہ صرف پاکستان بلکہ پورے خطے کے امن کیلئے خطرناک ہے۔ پاکستان کی عسکری اور سیاسی قیادت بارہا افغان حکومت کو اس خطرے سے آگاہ کرچکی ہے۔اس لیے افغان طالبان 2020ء کے دوحہ معاہدے کی پاسداری کرتے ہوئے اپنی سرزمین کو ٹی ٹی پی سمیت دیگر دہشت گرد گروہوں سے پاک کرنا ہوگا۔

مکہ دفاعی معاہدہ اور بدلتی جیوپولیٹیکل صورتحال

ڈاکٹر رشید احمد خاں

سات اگست2026ء کو مکہ مکرمہ میں پاکستان کے وزیراعظم شہباز شریف' ترکیہ کے صدر طیب رجب اردوان اور سعودی عرب کے ولی عہد پرنس محمد بن سلمان نے ایک سہ ممالک باہمی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔اس موقع پر معاہدے کے دو پہلوؤں کا خاص طور پر ذکر کیا گیا۔ایک یہ کہ معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے اور کسی تیسرے ملک کے خلاف نہیں۔ اس کا مقصد تینوں ملکوں کے اجتماعی تحفظ کو مضبوط ہے اور دوسرا یہ کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر مسلح حملے کو باقی تمام اراکین پر حملہ تصور کیا جائے گا۔وزیراعظم شہباز شریف کی رائے میں اس معاہدے سے خطے میں امن اور خوشحالی کو فروغ حاصل ہوگا۔ترکیہ کے صدر اردوان نے کہا ہے کہ اس معاہدے کے دروازے خطے کے باقی ممالک کیلئے بھی کھلے ہیں اور جلد ہی اس میں مزید مسلم اور عرب ممالک کی شرکت متوقع ہے۔اس ضمن میں انہوں نے مصر کا خصوصی ذکر کیا۔ترکیہ کے وزیر خارجہ نے امید ظاہر کی کہ مصر کے علاوہ باقی عرب ممالک مثلاً قطر اور بحرین بھی اس معاہدے میں شامل ہوسکتے ہیں۔کہا جاتا ہے کہ پاکستان' ترکیہ اور سعودی عرب کے علاوہ جن ممالک نے اس معاہدے کی تیاری کے عمل میں اہم کردار ادا کیا ہے' ان میں قطر بھی شامل ہے اس لیے قطر کی شمولیت کو قرین حقیقت سمجھا جارہا ہے۔اس معاہدے کا او آئی سی کے سیکرٹری جنرل کی طرف سے بھی خیر مقدم کیا گیا ہے۔پاکستان میں تو اس پر نہ صرف خوشی کا اظہار کیا گیا بلکہ باقاعدہ جشن منایا جارہا ہے اور حکومت' خصوصاً وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو اس کامیابی پر مبارکبادیں دی جارہی ہیں۔

برصغیر کے مسلمانوں کی مشرقِ وسطیٰ کے معاملات میں دلچسپی اور ان میں ایک اہم کردار ادا کرنے کی خواہش کی تاریخ قیامِ پاکستان سے بھی پرانی ہے۔1917ء میں برطانیہ نے اعلانِ بالفور جاری کر کے فلسطین میں ایک صہیونی ریاست کے قیام کی راہ ہموار کی تھی تو سیاسی طور پر باشعور ہندوستانی مسلمان اس کی مذمت اور مخالفت میں سب سے آگے تھے۔ اس کے بعد تحریک خلافت کی مثال موجود ہے' جب یورپی طاقتوں کی طرف سے پہلی عالمی جنگ میں ترکی کی شکست کا فائدہ اٹھاتے ہوئے نہ صرف ترکی کے حصے بخرے کردیے بلکہ عثمانی خلافت کے خاتمے کیلئے بھی حالات پیدا کیے تھے۔تب ہندوستان کے مسلمانوں نے خلافت عثمانیہ کی بحالی کے حق میں ایک ملک گیر تحریک چلائی تھی' جسے تحریک پاکستان کا پیش خیمہ سمجھا جاتا ہے۔

ہندوستان کے مسلمانوں کے دلوں میں مشرق وسطیٰ خصوصاً فلسطین ہمیشہ سے آباد ہیں۔اس وقت کے ایک مشہور صحافی کے مطابق آل پاکستان مسلم لیگ کے ہر سالانہ اجلاس میں قیام پاکستان کے مطالبے کے ساتھ فلسطین میں انگریزوں اور یہودیوں کے مظالم کو روکنے کے لیے بھی قراردادیں منظور کی جاتی تھیں۔ یہی وجہ ہے کہ نومبر1947ء میں جب اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں فلسطین کو تقسیم کر کے اسرائیل کے لیے قرارداد پر بحث ہورہی تھی تو قائداعظم نے ملک کے پہلے وزیرخارجہ سرظفر اللہ خان کو فلسطین کی حمایت کے لیے خصوصی طور پر اقوام متحدہ بھیجا تھا۔ سرظفر اللہ نے فلسطین کی تقسیم کے خلاف اور عربوں کے مؤقف کے حق میں ایسے مدلل اور تاریخی حقائق کے حوالوں سے دلائل پیش کیے کہ بحث میں حصہ لینے والے عرب مندوب بھی حیران اور ششدر رہ گئے۔چونکہ یہ ایک قانونی نہیں بلکہ سیاسی مسئلہ تھا اور مغربی ممالک خصوصاً امریکہ اور برطانیہ فلسطین کو دو حصوں میں تقسیم کر کے ایک یہودی ریاست کے قیام پر تلے ہوئے تھے' اس لیے وہ مقدمہ ہار گئے اور مغربی استعمار جیت گیا اور تمام تر اخلاقی اصولوں' قانون کے تقاضوں اور بین الاقوامی قانون کی نفی کرتے ہوئے فلسطین میں ایک یہودی ریاست کے حق میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی نے فیصلہ دے دیا۔تاہم سرظفر اللہ کے کردار کی وجہ سے مشرقِ وسطیٰ کے ممالک میں پاکستان کی عزت اور تکریم میں بے پناہ اضافہ ہوا۔تاہم1955ء میں جب پاکستان نے بغداد پیکٹ میں شمولیت اختیار کی تو یہ خیرسگالی مخالفت میں بدل گئی کیونکہ معاہدۂ بغداد امریکہ کی سرپرستی میں عرب قوم پرستی کے خلاف ایک سازش تھی' جس کا واحد مقصد مشرقِ وسطیٰ میں امریکہ اور مغربی ممالک کے مفادات اور اسرائیل کو تحفظ دینا تھا۔اس لیے معاہدۂ بغداد عالم عرب میں سخت غیر مقبول تھا۔اس کے علاوہ معاہدۂ بغداد امریکہ اور سوویت یونین کے مابین جاری سرد جنگ میں روس کے خلاف امریکہ کا ایک ہتھیار تھا۔ یہ معاہدہ پاکستان میں بھی سخت غیر مقبول تھا اور ملک کی تمام سیاسی پارٹیوں میں اس سے علیحدگی پر اتفاق رائے پایا جاتا تھا۔

البتہ سات اگست کو طے پانے والے پاکستان' سعودی عرب اور ترکیہ کے معاہدے کی نوعیت اور تناظر مختلف ہے۔اس کو وجود میں لانے والے محرکین میں سب سے اہم اور بنیادی محرک فریقین کو خطے کی تیزی سے بدلتی ہوئی صورتحال میں اپنے قومی تحفظ کو یقینی بنانے کی ضرورت کا احساس ہے کہ اس کے لیے صرف ایک طاقت یعنی امریکہ پر انحصار نہیں کیا جا سکتا۔اس کے علاوہ' جیسا کہ واضح کردیا گیا ہے' یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف جارحانہ عزائم نہیں رکھتا بلکہ بیرونی جارحیت کے خلاف ایک اجتماعی اقدام کیلئے تشکیل دیا گیا ہے۔یہ بھی حقیقت ہے کہ اس قسم کے معاہدے کے لیے تینوں ملکوں کے درمیان ایران کے خلاف امریکہ اور اسرائیل کی جنگ سے پہلے باہمی مشاورت جاری تھی۔ امریکہ اور ایران کی جنگ نے اس عمل کو تیز کیا ہے کیونکہ جنگ کے دوران امریکہ خلیجی ملکوں میں امریکی اڈوں پر ایران کے حملوں کو روکنے میں ناکام رہا۔

خطے کی بدلتی ہوئی صورت حال میں اجتماعی دفاع کے لیے ایک وسیع اور مؤثر پلیٹ فارم کی اشد ضرورت کے باوجود مذکورہ معاہدے کے بارے میں کچھ تحفظات اور خدشات کا اظہار بھی کیا جارہا ہے' جنہیں فوری دور کرنا ضروری ہے۔معاہدے کا مقصد خلیج فارس اور مشرق وسطیٰ میں امن اور تحفظ کا حصول ہے تو اس کے لیے ایران اور مصر کی شمولیت بھی اس میں یقینی بنانی چاہیے۔ اس کے علاوہ معاہدے کی آپریشنل تفصیلات میں یہ واضح کرنا ضروری ہے کہ خطے کے ممالک کے مابین تصادم کی صورت میں ردعمل کیا ہوگا؟ اس ضمن میں سعودی عرب اور یمن کے حوثیوں کے مابین کشیدگی بلکہ جنگ کے مسئلے پر ابہام دور کرنے کی اشد ضرورت ہے کیونکہ کسی بھی جارحانہ اقدام کی صورت میں خود معاہدے کی بقا خطرے میں پڑسکتی ہے۔

اکثر مبصرین کی رائے میں معاہدے کی آپریشنل سے زیادہ اس کی علامتی اہمیت ہے کیونکہ اس کی ایک شق' جسے ترکیہ کے وزیر خارجہ نے نیٹو کے آرٹیکل پانچ کے برابر قرار دیا ہے' اس پر عمل درآمد آسان نہیں ہوگا۔خود نیٹو میں صرف ایک دفعہ' نائن الیون کے موقع پر اس پر عملدرآمد کیا گیا تھا۔البتہ سب متفق ہیں کہ اس معاہدے سے کسی ممکنہ جارحیت کی حوصلہ شکنی ہوگی اور یہ بذاتِ خود بہت اہم پیشرفت ہے۔ کچھ مفروضے ایسے ہیں جو حقیقت پسندانہ سوچ کی پیداوار ہیں۔مثلاً یہ کہ یہ معاہدہ مشرق وسطیٰ میں امریکہ کی سربراہی میں قائم کردہ دفاع اور سکیورٹی نظام کی جگہ لے گا۔ایسا فی الحال ممکن نہیں ہے کیونکہ خطے میں ابھی امریکہ کے بہت اہم مفادات موجود ہیں' جن میں اسرائیل کا تحفظ سرفہرست ہے۔یہ محض اتفاق نہیں کہ ابتدائی طور پر اس معاہدے کے تینوں رکن ممالک کے امریکہ کے ساتھ قریبی اور مضبوط ملٹری تعلقات ہیں اور مستقبل میں جن ممالک کی شمولیت کے امکان کو ظاہر کیا جارہا ہے' مثلاً مصر' قطر' بحرین یا اردن' ان کے یا تو امریکہ کے ساتھ گہرے ملٹری تعلقات ہیں یا وہ امریکہ کی مالی امداد پر انحصار کرتے ہیں۔اس لیے اس معاہدے سے خطے سے امریکی انخلا کا ابھی کوئی امکان نظر نہیں آتا۔

یوم آزادی: آج ہم کہاں کھڑے ہیں

اسد طاہر جپہ

چودہ اگست ہر سال کی طرح پوری قوم جوش و ولولے کے ساتھ یوم آزادی منارہی ہے۔گلی گلی' نگر نگر سبز ہلالی پرچم لہرائے جائیں گے اور قریہ قریہ ملی نغموں اور قومی ترانوں کی گونج میں بچے' بوڑھے اور مرد و زن جھنڈیاں اٹھا کر جھومتے گاتے نظر آئیں گے: دل دل پاکستان' جان جان پاکستان۔ بلاشبہ پاکستان ہم سب کا مشترکہ ورثہ ہے۔ ہماری پہچان' ہماری شان اور ہماری آن بان ہے۔آزادی کی نعمت ملے آج 79 سال مکمل ہوگئے ہیں۔ ایک نسل نے نہیں بلکہ چار نسلوں نے قومی تعمیر وترقی میں اپنا کردار ادا کیا۔لیکن آج ایک سوال بہت کھٹک رہا ہے: کیا یہ وہی اسلامی جمہوری فلاحی ریاست ہے جس کا خواب دیکھا گیا تھا اور جس کے قیام کیلئے ہمارے اسلاف نے قربانیاں دیں تھیں۔ان 79 سالوں میں ہم نے کیا کھویا' کیا پایا؟ آج ہم کہاں کھڑے ہیں؟ بلاشبہ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ 1947ء میں ہمیں ایک ٹوٹا پھوٹا تباہ حال خطہ ملا تھا اور برصغیر کی تقسیم کے وقت اثاثہ جات اور وسائل کی بندر بانٹ میں پاکستان کی نوزائیدہ مملکت کو ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت اس کے جائز وسائل سے یہ سوچ کر محروم رکھا گیا کہ یہ ملک اپنی بقا وسلامتی برقرار نہیں رکھ پائے گا اور چند ہی برس بعد دوبارہ متحدہ ہندوستان میں شمولیت پر مجبور ہوجائے گا۔اس طرح ہم نے خالی خزانے اور دو ٹیکسٹائل ملوں سے اپنا سفر شروع کیا اور دنیا کے نقشے پر ایک آزاد اور خودمختار ریاست کے طور پر اپنی شناخت قائم کی۔ جہاں ہم نے بہت کچھ کھویا وہاں مختلف شعبہ ہائے زندگی میں نمایاں کامیابیاں بھی حاصل کی ہیں۔آیئے تصویر کے دونوں رخ دیکھتے ہیں۔

ہمارا جغرافیہ ہماری طاقت بھی ہے اور کمزوری بھی۔یہی وجہ ہے کہ پاکستان نے دفاع اور سائنس وٹیکنالوجی کے شعبوں میں سب سے نمایاں ترقی کی۔آج ناقابلِ تسخیر مسلح افواج ہماری ملکی سلامتی اور فولادی دفاع کی ضامن ہیں۔1998ء میں پاکستان دنیا کی ساتویں اور مسلم دنیا کی پہلی ایٹمی طاقت بنا' جس کی بدولت وطن عزیز کی جغرافیائی سرحدیں ناقابلِ تسخیر بن گئیں۔ دفاع کے شعبے میں ہمارا میزائل پروگرام ایک قیمتی اثاثہ ہے' جس میں شاہین' غوری' بابر اور فتح جیسے جدید ترین میزائل شامل ہیں جو 2750 کلومیٹر تک مار کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔علاوہ ازیں دفاعی صنعت میں اب ہم JF-17 تھنڈر جہاز' الخالد ٹینک' بحری بیڑا اور سٹیلتھ آبدوز بنا رہے اور مختلف انواع و اقسام کا جدید اسلحہ برآمد بھی کرتے ہیں۔علاوہ ازیں خلائی پروگرام میں سپارکو کے تحت سٹیلائٹ اور2024ء میں چین کی مدد سے چاند پر آئی کیوب قمر مشن روانہ کرچکے۔ انفراسٹرکچر کے شعبے میں موٹرویز کا جال ہزارہ' پشاور' اسلام آباد' لاہور' فیصل آباد' ملتان اور سکھر تک پھیل چکا ہے جس کی بدولت سفر کے اوقات آدھے رہ گئے ہیں۔تربیلا اور منگلا کی توسیع کے بعد اب دیامیر بھاشا اور داسو ڈیم زیرِ تعمیر ہیں۔چین کی مدد سے2015ء سے اب تک سی پیک منصوبے پر 25ارب ڈالر سے زیادہ کی سرمایہ کاری کی جاچکی اور گوادر پورٹ فعال ہوچکی ہے۔آئی ٹی سیکٹر میں مالی سال 2026ء میں آئی ٹی برآمدات 4.6ارب ڈالر تک جا پہنچیں اور فری لانسنگ میں تیزی سے ترقی کرنے والے ممالک کی فہرست میں پاکستان چوتھے نمبر پر ہے۔ملکی تعمیر وترقی میں خواتین کا کردار اجاگر ہوچکا۔آج ہر شعبے میں خواتین نمایاں کردار ادا کررہی ہیں۔ کھیل کے میدان میں بھی ہم نے کئی کامیابیاں اپنے نام کی ہیں' 1992ء میں کرکٹ ورلڈکپ' 2009ء میں T20ورلڈکپ جیتا۔ہاکی میں چار بار ورلڈکپ ہمارے حصے میں آیا۔1980ء کی دہائی میں جہانگیر خان اور جان شیر خان نے ورلڈ سکواش چیمپئن بن کر کئی ریکارڈز اپنے نام کیے اور وطن عزیز کا وقار پوری دنیا میں بلند کیا۔2024ء میں ارشد ندیم نے اولمپک جیولن تھرو میں عالمی ریکارڈ قائم کر کے گولڈ میڈل اپنے نام کیا۔انسانی ہمدردی اور خدمتِ عامہ میں بھی ہمارا کوئی ثانی نہیں۔ 2005ء کا خوفناک زلزلہ ہو یا2010ء' 2022ء اور2025ء کے تباہ کن سیلاب' ہر آفت میں پاکستانی قوم نے دنیا کو بتایا کہ وہ مصیبت میں گھرے پاکستانی بہن بھائیوں کو ہرگز اکیلا نہیں چھوڑیں گے اور ان کی مدد کیلئے اپنا تن من دھن قربان کردینے میں ذرا بھی تامل نہیں کریں گے۔خدمت خلق کے شعبہ میں ایدھی' سیلانی اور اخوت جیسے ادارے دنیا بھر میں اپنی مثال آپ ہیں۔یہ تمام کامیابیاں اپنی جگہ مگر ان سالوں میں ہم نے جو کھویا وہ بھی کم تکلیف دہ نہیں۔

بدقسمتی سے امورِ ریاست کو چلانے کیلئے ہم 79 سال سے مختلف تجربات کرتے آرہے ہیں۔ پہلا آئین منظور کرنے میں ہی ہم نے نو سال گنوادیے اور1956ء کا آئین صرف دو سال تک ہی نافذ العمل رہ سکا۔1958ء میں مارشل لاء لگ گیا اور1962ء میں صدارتی نظام پر مشتمل نیا دستوری ڈھانچہ کھڑا کیا گیا۔ پہلا متفقہ وفاقی پارلیمانی آئین1973ء میں پارلیمنٹ سے منظور ہوا اور عام انتخابات کے نتیجے میں پہلی مرتبہ منتخب عوامی نمائندوں پر مشتمل حکومت نے ملکی باگ ڈور سنبھالی۔1977ء میں پھر مارشل لاء نافذ ہوگیا جو ایک عشرے سے زائد عرصہ تک قائم رہا۔ اسی دوران 1985ء میں غیر جماعتی انتخابات ہوئے اور پھر 1988ء' 1990ء' 1993ء' اور 1997ء میں چار انتخابات کے نتیجے میں سیاسی حکومتیں وجود میں آئیں مگر یہ چاروں اپنی مقررہ مدت سے قبل ہی ختم کردی گئیں۔1999ء میں ایک مرتبہ پھر مارشل لاء نافذ ہوگیا جو 2008ء کے عام انتخابات پر منتج ہوا۔لمحہ فکریہ ہے کہ ان 79سالوں میں کوئی بھی منتخب وزیراعظم آج تک اپنی آئینی مدت پوری نہیں کرپایا۔نتیجتاً ملک مسلسل غیر یقینی' سیاسی عدم استحکام اور معاشی بحران سے دوچار رہا' جس سے بدامنی' بیروزگاری' مہنگائی اور غربت کے شکار عوام کی زندگی ہمہ وقت اجیرن بنی رہی۔ سیاسی جوڑتوڑ اور مختلف تجربات کے نتائج اچھے نہیں نکلے اور عوام کو اس کی بھاری قیمت چکانا پڑی۔اخلاقی اقدار کا بحران سنگین ہوتا گیا جس کے باعث رشوت ستانی' گراں فروشی' ملاوٹ' ذخیرہ اندوزی اور آسان دولت کے حصول کی روش عام ہوگئی۔تقریباً ہر شعبہ زندگی میں جھوٹ' مکر وفریب' چاپلوسی اور خوشامد کی فراوانی ہے جبکہ سچ بولنے والا سادھو بلکہ بدھو کہلاتا ہے۔ قومی ہم آہنگی کا فقدان ہے اور لسانیت اور فرقہ واریت نے پوری قوم کو اکائیوں میں تقسیم کررکھا ہے۔سب سے تکلیف دہ امر یہ ہے کہ ہم نے چار نسلوں کے خواب کھوئے ہیں جو وطن عزیز کو حقیقی معنوں میں ایک اسلامی جمہوری فلاحی ریاست دیکھنا چاہتے تھے۔یہی بڑا خواب قیام پاکستان کا اولین مقصد تھا' جسے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے اپنی ولولہ انگیز قیادت سے متشکل کیا تھا۔

چند روز قبل پاکستان نے سعودی عرب اور ترکیہ کے ساتھ مل کر سہ فریقی دفاعی معاہدے پر دستخط کیے جو ایک اور بڑی سفارتی کامیابی ہے۔ پاکستانی شاہینوں نے گزشتہ سال بھارت کے مذموم عزائم کو خاک میں ملا کر اسے جنگی میدان میں شکست فاش دی۔پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت نے ایران اور امریکہ کے مابین مفاہمت اور خطے میں پائیدار امن کیلئے مؤثر ثالث کا کردار ادا کیا۔لہٰذا اب وقت آن پہنچا ہے کہ ملک میں گورننس' نظام قانون وانصاف' تعلیم' صحت اور معیشت کے شعبوں پر پوری یکسوئی سے کام کیا جائے تاکہ دفاعی اور سفارتی میدان میں سمیٹی گئی کامیابیوں کے ثمرات عام آدمی تک پہنچائے جاسکیں اور ملک میں سیاسی استحکام اور معاشی خوشحالی کے ایک نئے دور کا آغاز ہوسکے۔امید واثق ہے کہ اگر آج ہم نے اخلاصِ نیت سے یہ عہد کرلیا تو ان شاء اللہ اگلا یومِ آزادی ہم ایک خوشحال اور خوددار قوم کے طور پر منائیں گے۔پاکستان زندہ باد!

SHOWBIZ شوبز

''ہمراہی'' کی آخری قسط (آج) سینما کے بڑے پردے پر دکھائی جائیگی

سیریل میں دانش تیمور اور حبا بخاری کی جوڑی نے بطور مرکزی کردار ادا کرکے جان ڈال دی

کراچی (این این آئی) انٹرٹینمنٹ کے شائقین کیلئے بڑی خبر ہے کہ محبت، جذبات، رشتوں اور آزمائشوں کے گرد گھومنے والی مقبول ڈرامہ سیریل ہمراہی کا یادگار سفر اپنے اختتام کی جانب بڑھتے ہوئے ایک منفرد مرحلے میں داخل ہوگیا ہے۔جیو اور بابر جاوید کی پیشکش ڈرامہ سیریل ہمراہی کی آخری قسط ہفتے کو سینما کے بڑے پردے پر دکھائی جائے گی۔سیریل کی کامیابی میں اس کی مضبوط کہانی، جذبات سے بھرپور مناظر، مؤثر مکالموں اور جاندار کرداروں نے اہم کردار ادا کیا۔زنجبیل عاصم نے ڈرامے کی کہانی کو اس انداز میں قلم بند کیا کہ رشتوں کی پیچیدگی، محبت کی شدت اور جذباتی کشمکش ناظرین کو مسلسل اپنی طرف متوجہ رکھتی رہی جب کہ معروف ہدایت کار بابر جاوید نے اپنی ہدایات کے ذریعے کرداروں اور واقعات کو اس خوبصورتی سے اسکرین پر پیش کیا کہ ڈرامہ ابتدا ہی سے شائقین کی توجہ کا مرکز بن گیا۔سیریل میں دانش تیمور اور حبا بخاری کی جوڑی نے بطور مرکزی کردار ادا کرکے جان ڈال دی۔دونوں فنکاروں کے درمیان محبت، قربت، جدائی اور جذبات کے مختلف رنگوں کو ناظرین نے بے حد پسند کیا۔ان کے ساتھ لیلیٰ واسطی، شہزاد نواز، ایوب کھوسہ، ندا ممتاز، عدنان شاہ، ٹیپو، اظفر رحمان، حاجرہ یامین، عاریز اور دیگر فنکاروں نے بھی اپنے کرداروں کو بھرپور انداز میں نبھایا۔ڈرامے کی مقبولیت صرف ٹی وی اسکرین تک محدود نہیں رہی بلکہ سوشل میڈیا پر بھی ہمراہی کے کرداروں، کہانی اور مختلف مناظر پر شائقین کی جانب سے مسلسل گفتگو ہوئی۔ہمراہی کی ایک اور نمایاں خوبی اس کا اوایس ٹی بھی رہا جس نے ڈرامے کے جذباتی ماحول کو مزید گہرا کردیا تھا۔جمیل احمد کی شاعری کو محمد علی کی آواز نے اثر انگیز بنایا جبکہ فرح عابد اور شعیب فرخ کی کمپوزیشن نے اس ڈرامے کے گیت کو ایک منفرد رنگ میں ڈھال دیا۔ہمراہی کی کہانی اپنے فیصلہ کن موڑ سے گزر کر اب اختتام کی طرف پہنچ گئی ہے۔شائقین کیلئے سب سے بڑا سوال کہانی کے انجام کو دیکھنا ہے، سینما میں آخری قسط کی خصوصی نمائش اس ڈرامے کی مقبولیت ایک بڑے اور یادگار تجربے میں تبدیل ہونے جارہی ہے۔

استاد نصرت فتح علی خان کی 29ویں برسی (کل) منائی جائے گی

بطور قوال اپنے کیریئر کے آغاز میں انہیں کئی بین الاقوامی اعزازات سے بھی نوازا گیا

ٹھٹھہ صادق آباد (این این آئی) عظیم گائیک استاد نصرت فتح علی خان کی 29ویں برسی (کل) 16اگست کو منائی جائے گی۔نصرت فتح علی خان 13اکتوبر1948 کو فیصل آباد میں پیدا ہوئے، آپ کے والد استاد فتح علی خان اور چچا استاد مبارک علی خان اپنے دور کے مشہور قوال تھے۔ نصرت فتح علی خان نے بھی بطور قوال دم مست قلندر مست مست سے ملک گیر شہرت حاصل کی۔انہوں نے قوالی کی صنف میں مغربی انداز متعارف کروایا جسے دنیا بھر میں بھرپور پذیرائی حاصل ہوئی۔استاد نصرت فتح علی خان نے بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ٹائم میگزین نے2006 میں ایشین ہیروز کی فہرست میں ان کا نام بھی شامل کیا، بطور قوال اپنے کیریئر کے آغاز میں انہیں کئی بین الاقوامی اعزازات سے بھی نوازا گیا۔نصرت فتح علی خان کی قوالیوں کے پچیس البم ریلیز ہوئے جن کی شہرت نے انہیں گینز بک آف ورلڈ ریکارڈ میں جگہ دلوائی۔ ان کی فنی خدمات کے صلہ میں انہیں حکومت پاکستان کی جانب سے پرائیڈ آف پرفارمنس سے بھی نوازا گیا۔ وہ بیک وقت موسیقار اور گلوکار بھی تھے۔1995 میں انہیں یونیسکو میوزک ایوارڈ دیا گیا جبکہ 1997 میں انہیں گرامی ایوارڈز کیلئے نامزد کیا گیا۔وہ گردوں کے عارضے میں مبتلا تھے اور محض 48 برس کی عمر میں 16اگست1997ء کو دنیا سے کوچ کرگئے۔

اظفر علی نے پہلی بار اپنی تیسری شادی کی تمام تفصیلات شیئر کردیں

لاہور (این این آئی) پاکستانی میزبان، اداکار اور پروڈیوسر اظفر علی نے اپنی تیسری شادی کے بارے میں پہلی بار کھل کر بات کرتے ہوئے تمام تفصیلات شیئر کردیں۔نادیہ خان کے شو میں گفتگو کرتے ہوئے میزبان اور اداکار اظفر علی نے بتایا کہ گزشتہ سال اکتوبر میں ردا الزہرا سے تیسری شادی کی جو ایک ارینج میرج تھی۔اظفر علی نے کہا کہ میری بہنیں شادی کے لیے اصرار کرتی رہیں جبکہ میں تیسری شادی نہیں کرنا چاہتا تھا اور میری بہن نے ردا الزہرا کا رشتہ تجویز کیا۔

میں معصوم ہوں، طویل عرصہ شک کے دائرے میں رہی ہوں، ریا چکرورتی

اداکار سشانت سنگھ راجپوت کی موت کے بعد اداکارہ کی زندگی بدل گئی

ممبئی (این این آئی) بھارتی اداکارہ ریا چکرورتی کی زندگی 2020 میں اس وقت مکمل طور پر بدل گئی جب ان کے سابق بوائے فرینڈ معروف اداکار سشانت سنگھ راجپوت کی موت واقع ہوئی۔چند ماہ قبل سینٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) نے سشانت سنگھ راجپوت کی موت کے مقدمے میں کلوزر رپورٹ داخل کی اور ریا چکرورتی کو تمام الزامات سے بری قرار دیدیا۔ آنجہانی سشانت سنگھ راجپوت سے متعلق منشیات کے کیس میں ریا اور ان کے بھائی شوویک چکرورتی، دونوں کو نارکوٹکس کنٹرول بیورو انڈیا نے گرفتار کیا تھا۔ریا اس وقت دی ٹریٹرز کے سیزن 2 میں کام کررہی ہیں جہاں کرن جوہر نے ریا سے پوچھا کہ وہ شو میں زندہ رہنے کے لیے بے گناہ بننا چاہیں گی یا ٹریٹر (غدار)۔اس پر 34 سالہ ریا نے کہا کہ میں معصوم بننا چاہتی ہوں۔اسی سال دراصل مجھے کلین چٹ ملی ہے، اسی سال لوگوں کو پتا چلا ہے کہ میں معصوم ہوں۔بہت عرصے تک شک کے دائرے میں رہی ہوں، تو اب مجھے یہ احساس بالکل پسند نہیں ہے۔ میں کئی سال یہ سب جھیل چکی ہوں۔ریا کو اپنے سابق بوائے فرینڈ اداکار سشانت کی جون 2020 میں ممبئی میں اپنے فلیٹ میں مردہ پائے جانے کے بعد جیل کی سزا اور سماجی بائیکاٹ کا سامنا کرنا پڑا۔گزشتہ سال اس معاملے میں سی بی آئی کی جانب سے پیش کی گئی کلوزر رپورٹ نے اداکارہ کو بڑی راحت دی، کیونکہ انہیں تمام الزامات سے بری کردیا گیا۔اپنے گزشتہ انٹرویوز میں ریا نے اعتراف کیا تھا کہ اس پورے واقعے نے ان کی ذہنی صحت پر گہرا اثر ڈالا اور وہ پوسٹ ٹرامیٹک اسٹریس ڈس آرڈر کا شکار ہوگئی تھیں۔

ہم جن کے ساتھ جینا چاہتے ہیں ان کے بغیر بھی جیا جاسکتا ہے، اداکارہ ریشم

ہر محبت کا انجام وصال نہیں ہوتا لیکن سچا عشق انسان کو پہلے سے زیادہ مضبوط ضرور بنا دیتا ہے

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ زندہ رہنے کے لئے اپنے سوا کسی اور کا ہونا بالکل بھی ضروری نہیں، ہم جن کے ساتھ جینا چاہتے ہیں ان کے بغیر بھی جیا جاسکتا ہے۔ایک پوسٹ میں اداکارہ نے کہا کہ عشق ایک ایسا احساس ہے جس کا فلسفہ ہر کسی کی سمجھ میں نہیں آتا۔کچھ لوگ اسے صرف حاصل کرنے کا نام دیتے ہیں جبکہ میرے نزدیک عشق انسان کو خود سے بھی ملواتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہر محبت کا انجام وصال نہیں ہوتا لیکن سچا عشق انسان کو پہلے سے زیادہ مضبوط ضرور بنا دیتا ہے۔انہوں نے کہا کہ میرا ماننا ہے کہ محبت میں خلوص ہو تو وہ کبھی ضائع نہیں جاتا، عشق کو سمجھنے کے لیے صرف دل نہیں، ایک گہری سوچ بھی درکار ہوتی ہے۔ریشم نے کہا کہ انسان کیوں کسی کو کسی کے ہلکان کرے، زندہ رہنے کے لئے اپنے سوا کسی اور کا ہونا بالکل بھی ضروری نہیں ہوتا۔

والدین بچوں کو موبائل فون دینے سے گریز کریں، بھارتی اداکارہ

ممبئی (این این آئی) ساؤتھ انڈیا کی اداکارہ شکیلہ کو فون کی لت کے باعث گردن کی سرجری پر 3لاکھ بھارتی روپے خرچ کرنا پڑ گئے۔ملیالم، تامل، کناڈا اور تیلگو فلموں کی اداکارہ نے کہا غیر ضروری ویڈیوز نہ دیکھیں بھلے وہ میری ہی کیوں نہ ہو۔ 53 سالہ شکیلہ نے چنئی میں گردن کے مسئلے کے باعث سرجری کروانے کے بعد ایک ویڈیو پوسٹ کی، جس میں انہوں نے بتایا کہ موبائل فون پر گیمز کھیلنے اور ویڈیوز دیکھنے کی عادت کے باعث انہیں سنگین صحت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑا۔انہوں نے والدین کو بھی بچوں کو موبائل فون سے دور رکھنے کی تاکید کی۔اپنے یوٹیوب چینل پر پوسٹ وی لاگ میں شکیلہ نے کہا گھر واپس آنے کے بعد انہیں ڈاکٹر نے صحت یابی تک گردن کا کالر پہننے کا مشورہ دیا۔انہوں نے بتایا کہ وہ اکثر بستر پر کروٹ لے کر کئی گھنٹوں تک موبائل فون پر گیمز کھیلتی رہتی تھیں اور ویڈیوز دیکھتی تھیں جس کے باعث گردن کو غیر معمولی نقصان پہنچا۔شکیلہ نے بتایا کہ سرجری کے بعد انہیں بستر سے اٹھنے اور کھانا کھانے تک کے لیے دوسروں کی مدد درکار ہے۔ان کا کہنا تھا کہ فون ایک بہت مفید چیز ہے، لیکن اسے ضرورت سے زیادہ استعمال نہ کریں۔ میں بستر پر کروٹ لے کر مسلسل چار گھنٹے تک فون پر گیم کھیلتی رہتی تھی۔

SPORTS سپورٹس

اسٹیو اسمتھ نے ٹیسٹ کرکٹ میں کیچز کا عالمی ریکارڈ برابر کردیا

اسٹیو اسمتھ اور جو روٹ کے درمیان ریکارڈ کو اپنے پاس برقرار رکھنے کی جنگ جاری رہے گی

ڈارون (این این آئی) آسٹریلیا کے اسٹار بیٹر ا

بقیہ 1

سلمان غنی، ملک سلمان، شہباز آرائیں، حافظ اقبال سمیت میڈیا برادری کے دیگر سینئر نمائندگان شریک ہوئے ۔شرکاء نے قومی جوش و جذبے کے ساتھ پاکستان کے یوم آزادی کا کیک کاٹا اور وطن عزیز کی ترقی، خوشحالی، سلامتی اور استحکام کے لیے اپنی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔اس موقع پر پاکستان کی آزادی کی جدوجہد میں بانیانِ پاکستان اور تحریکِ آزادی کے رہنماؤں کی قربانیوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا گیا۔شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملکی ترقی، جمہوری استحکام اور قومی یکجہتی کے لیے صحافتی برادری اپنا مثبت اور موثر کردار جاری رکھے گی۔شرکاء نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ پاکستان کی آزادی کی قدر و منزلت کو اجاگر کرنے اور نئی نسل کو قیامِ پاکستان کے مقاصد، قومی ذمہ داریوں اور آزادی کی اہمیت سے روشناس کرانے کے لیے ہر سطح پر کردار ادا کیا جائے گا۔تقریب کے اختتام پر شرکاء نے پاکستان کی سلامتی، بقاء، استحکام اور ترقی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی۔

بقیہ 2

کو قائداعظم محمد علی جناح کے افکار کی روشنی میں ملکی ترقی میں مثبت کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کے احاطے میں یوم آزادی کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔تفصیلات کے مطابق لاہور ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کے احاطے میں یوم آزادی کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں سینئر جسٹس صداقت علی خان اور جسٹس مرزا وقاص رؤف نے خصوصی شرکت کی۔تقریب میں ریٹائرڈ جسٹس لاہور ہائی کورٹ شکور پراچہ، جسٹس (ر) عبدالرحمٰن لودھی، جسٹس (ر) خالد محمود ملک، سینئر ایڈیشنل رجسٹرار محمد سلیمان گھمن، ایڈیشنل اٹارنی جنرل حسیب شکور پراچہ، ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل ملک امجد علی، صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی سعید یوسف خان، سیکرٹری جنرل قاسم محمود ملک، صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن راولپنڈی طارق محمود ساجد اعوان، جنرل سیکرٹری قمر الحق خان نیازی، ایڈووکیٹ سپریم کورٹ شیخ احسن الدین، احمد نواز خان ایڈووکیٹ سمیت دیگر افسران اور اہلکاروں نے شرکت کی۔سینئر جسٹس صداقت علی خان کو گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔سینئر جسٹس صداقت علی خان نے معزز ججز کے ہمراہ پرچم کشائی کی۔سینئر جسٹس صداقت علی خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آزادی دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہے جسے ہمارے آباؤ اجداد نے بڑی قربانیوں کے بعد حاصل کیا۔آج پاکستان کی تاریخ کا اہم دن ہے، یہ دن نہ صرف آزادی کی علامت ہے بلکہ جدوجہد کا پیغام دیتا ہے۔

بقیہ 3

پاکستان کو ایک مضبوط، تعلیم یافتہ اور ترقی یافتہ ملک بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔تقریب میں گارڈ آف آنر، پرچم کشائی، قومی ترانے ، خصوصی دعاؤں، نئے یونیورسٹی ترانے کی رونمائی، کیک کاٹنے اور شجرکاری سمیت مختلف سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا۔تقریب کا آغاز وائس چانسلر راولپنڈی ویمن یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف کو گارڈ آف آنر پیش کیے جانے سے ہوا، جس کے بعد انہوں نے قومی پرچم لہرایا۔اس موقع پر قومی ترانہ پیش کیا گیا جبکہ ملکی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔یونیورسٹی کے نئے ترانے کی باقاعدہ رونمائی تقریب کا ایک اہم حصہ تھی، جسے طالبات اور شرکاء نے بھرپور جوش و خروش سے سراہا۔یومِ آزادی کی خوشیوں کو شجرکاری کے پیغام سے جوڑتے ہوئے وائس چانسلر نے یونیورسٹی میں پودا لگا کر شجرکاری مہم کا آغاز کیا، جبکہ شرکاء میں بھی پودے اپنے علاقوں میں لگانے کے لئے تقسیم کیے گئے ۔اس موقع پر یونیورسٹی ترانے اور دیگر ملی نغموں میں حصہ لینے والی طالبات کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہیں سرٹیفکیٹس بھی دیے گئے ۔اپنے خصوصی خطاب میں پروفیسر ڈاکٹر طیبہ ظریف نے کہا کہ پاکستان کی آزادی بے مثال قربانیوں، جرات، عزم اور یقین کا نتیجہ ہے، تاہم آزادی کے حصول کے بعد اصل ذمہ داری ایک مضبوط، خوشحال اور باوقار پاکستان کی تعمیر ہے۔تین دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط اپنے تدریسی، تحقیقی اور انتظامی تجربے کا حوالہ دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تعلیم قومی ترقی کی بنیادی قوت ہے اور جامعات کا کردار محض ڈگریاں دینے تک محدود نہیں ہونا چاہیے؛ انہیں علم، کردار، تنقیدی فکر، قیادت اور ذمہ دار شہریت کو فروغ دینا ہوگا۔وائس چانسلر نے کہا کہ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی کی ذمہ داری اس لیے بھی اہم ہے کہ خواتین کی تعلیم دراصل پاکستان کی ترقی ہے ۔نوجوان خواتین کو محض مستقبل کی شریک نہیں بلکہ پاکستان کے مستقبل کی معمار، قائد اور فیصلہ ساز بننے کے لیے تیار کیا جانا چاہیے ۔ انہوں نے قائداعظم محمد علی جناحؒ کے تعلیمی وژن کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ علم، کردار، نظم و ضبط، اعتماد اور احساسِ ذمہ داری ہی مضبوط قوموں کی بنیاد بنتے ہیں۔

انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ راولپنڈی ویمن یونیورسٹی علم، تحقیق، جدت، کردار سازی اور خواتین کو بااختیار بنانے کے ذریعے قومی ترقی میں اپنا مؤثر کردار ادا کرتی رہے گی۔تقریب کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ وہ پاکستان کی ترقی، امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنی ذمہ داریاں دیانت داری اور بھرپور عزم کے ساتھ ادا کریں گے اور بانیانِ پاکستان کے خواب کی تکمیل میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 4

ریفرل میکانزم کے فروغ کے حوالے سے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ورکشاپ میں 21 مختلف سرکاری و متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی، جن میں سوشل ویلفیئر، لوکل گورنمنٹ، ڈپٹی کمشنر آفس، ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ، این سی سی آئی، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، نادرا سمیت دیگر اہم ادارے شامل تھے ۔اس موقع پر چاہیان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) کے نمائندگان نے بھی خصوصی شرکت کی۔تربیتی ورکشاپ کا بنیادی مقصد مختلف اداروں کے نمائندگان میں یہ شعور اور استعداد پیدا کرنا تھا کہ جب کوئی خاتون صنفی بنیاد پر تشدد کا شکار ہو کر ان کے پاس مدد کے لیے آئے تو اس کی ضرورت کے مطابق اسے مناسب اور متعلقہ سروس فراہم کرنے والے ادارے کو بروقت ریفر کیا جائے ۔ اس حوالے سے شرکاء کو GBV کے مختلف پہلوؤں، متاثرہ خواتین کے حقوق، دستیاب خدمات اور متعلقہ قانونی فریم ورک کے بارے میں آگاہی فراہم کی گئی۔اس موقع پر ویمن پروٹیکشن سینٹر راولپنڈی کی سربراہ اور ڈسٹرکٹ ویمن پروٹیکشن آفیسر رضوانہ بشیر نے ریفرل میکانزم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ تشدد سے متاثرہ خواتین کو ان کی ضروریات اور کیس کی نوعیت کے مطابق بروقت اور درست ادارے تک پہنچانا نہایت اہم ہے، تاکہ انہیں طبی، قانونی، نفسیاتی، سماجی اور دیگر ضروری خدمات ایک مربوط انداز میں فراہم کی جاسکیں۔رضوانہ بشیر نے ایک مؤثر اور اسٹینڈرڈائزڈ ریفرل میکانزم کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مضبوط رابطہ کاری اور باہمی تعاون کے ذریعے متاثرہ خواتین کو بہتر اور فوری معاونت فراہم کی جاسکتی ہے ۔شرکاء نے رضوانہ بشیر کی جانب سے پیش کیے گئے ریفرل میکانزم اور تربیتی سیشن کو بھرپور سراہا۔ مختلف اداروں کے نمائندگان نے اس امر کی اہمیت پر زور دیا کہ مستقبل میں ویمن پروٹیکشن سینٹر کے ساتھ مل کر مربوط انداز میں کام کیا جائے تاکہ GBV سے متاثرہ خواتین کو بروقت اور مؤثر خدمات تک رسائی حاصل ہو سکے ۔تربیتی سیشن کے اختتام پر جشنِ آزادی کے حوالے سے ایک مختصر تقریب بھی منعقد کی گئی، جس میں شریک اداروں کے نمائندگان اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) کے نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ 5

لازوال قربانیوں کے نتیجے میں حاصل ہوا۔ ہمارے بزرگوں نے آزادی کے حصول کے لیے بے شمار قربانیاں دیں اور ہجرت کی صعوبتیں برداشت کیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان صرف زمین کا ایک ٹکڑا نہیں بلکہ ہمارے خوابوں، امیدوں اور آنے والی نسلوں کا مستقبل ہے۔پاکستان نے ہمیں دنیا میں ایک منفرد شناخت اور پہچان عطا کی جس پر ہمیں فخر ہے۔پاکستان آج ایک ایٹمی قوت اور عالمِ اسلام میں ایک اہم اور باوقار مقام رکھتا ہے۔شیخ فرید احمد نے کہا کہ آزادی اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے، اس کی قدر اور حفاظت ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے ۔ ڈی جی پی آر حکومت اور عوام کے درمیان مؤثر رابطہ، درست معلومات کی فراہمی اور مثبت قومی تشخص اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ ذمہ دارانہ ابلاغ کے ذریعے عوامی اعتماد کو مضبوط اور قومی یکجہتی کو فروغ دینا ہمارا فرض ہے ۔انہوں نے کہا کہ ہم اپنے فرائض ذمہ داری، دیانت، محنت اور اخلاص کے ساتھ ادا کرنے کا عہد کرتے ہیں۔ پاکستان کو انسانیت، رواداری، خوشحالی اور اچھی طرزِ حکمرانی کی مثال بنانا ہم سب کی ذمہ داری ہے ۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں عوامی فلاح، متوازن ترقی اور بہتر طرزِ حکمرانی کے لیے اقدامات قابلِ تحسین ہیں۔ڈی جی پی آر پنجاب نے افواجِ پاکستان کے بہادر جوانوں کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ وہ دن رات وطن کی سرحدوں کی حفاظت پر مامور ہیں۔ پاکستان کے شہداء نے اپنے لہو سے وطن کی آزادی، دفاع اور سلامتی کی حفاظت کی۔ مسلح افواج کا ملکی دفاع اور سلامتی میں کردار ہمیشہ قابلِ فخر اور قابلِ احترام رہا ہے۔شیخ فرید احمد نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان کی ترقی ہماری ذمہ داری، پاکستان کی خدمت ہمارا فرض اور پاکستان کی سربلندی ہماری منزل ہے۔اس موقع پر ڈی جی پی آر فرید احمد نے پرچم کشائی بھی کی۔آخر میں وطن عزیز کی سلامتی، بھلائی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

بقیہ 6

عاصم منیر کی قیادت کو بھی سراہتے ہیں جنہوں نے عزم، اعتماد اور اتحاد کے ساتھ پاکستان کی رہنمائی کی ہے ۔معرکہ حق میں فتح نے ہماری قومی جرات اور لچک کا مظاہرہ کیا، جس سے پاکستان کے موقف کو تقویت ملی اور عالمی سطح پر مزید احترام حاصل ہوا۔پاکستان کی سب سے بڑی طاقت اس کے لوگ ہیں نوجوان، باصلاحیت اور باہمت اور ہم ان کی صلاحیتوں کو ترقی میں بدلنے کے لیے دن رات کام کر رہے ہیں۔آج، پاکستان ایک ٹیکنالوجی کے صارف سے ہٹ کر ایک خالق، جدت طراز اور برآمد کنندہ بننے کی سمت مقصد کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے ۔ ہم وسیع کنیکٹیویٹی، جدید ڈیجیٹل انفراسٹرکچر، مستقبل بین پالیسی فریم ورکس، سازگار قانون سازی، ڈیجیٹل شمولیت اور انسانی وسائل میں سرمایہ کاری کے ذریعے ایک ڈیجیٹل طور پر بااختیار پاکستان کی بنیاد رکھ رہے ہیں۔ہم قومی سطح پر AI کے اقدامات کو آگے بڑھا رہے ہیں، ڈیجیٹل ریگولیٹری ماحول کو مضبوط بنا رہے ہیں، تمام سرکاری دفاتر کو سینٹرلائیز کر رہے ہیں جس سے تمام اداروں میں مضبوط اور بروقت کوارڈینیشن ہوگی، ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے لیے انفراسٹرکچر کو وسعت دے رہے ہیں، اور اپنے نوجوانوں کو ڈیجیٹل اور ہائی ٹیک مہارتوں کی تربیت دے رہے ہیں۔

بقیہ 7

الیاس احمد جتوئی محمود عالم برکی ڈویژنل نائب صدر سید قطین شاہ کاظمی راہنما خواتین ونگ سیدہ روزینہ کاظمی سٹی صدر سلاولی نور ہے خان سٹی جنرل سیکرٹری بھیرہ شیخ انوار الحق چوہدری جاوید اقبال چیمہ حافظ عمر فاروق گوندل ملک رب نواز چھینہ سمیت سینکڑوں کارکنوں نے شرکت کی تقریب میں پاکستان کا سبز ہلالی پرچم فضا میں بلند کیا گیا اور ملکی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کی گئی ڈویژنل صدر مسلم لیگ ن سرگودھا ڈویژن چوہدری شاہ نواز رانجھا نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملکی ترقی، جمہوریت، آئین کی بالادستی اور عوامی خدمت کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے آج کے دن ہمیں اپنے بزرگوں اور تحریکِ آزادی کے ان عظیم رہنماؤں اور کارکنوں کو بھی خراجِ عقیدت پیش کرنا چاہیے جن کی قربانیوں کے نتیجے میں پاکستان ایک آزاد وطن کے طور پر دنیا کے نقشے پر ابھرا تقریب کے اختتام پر شرکاء نے پاکستان زندہ باد، پاک فوج پائندہ باد کے نعروں سے اپنے وطن سے محبت کا اظہار کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے ہر محاذ پر اپنا مثبت کردار ادا کرتے رہیں گے

بقیہ 8

صرف جسمانی سرحدوں تک محدود نہیں رہی بلکہ اس میں ڈیجیٹل خودمختاری بھی شامل ہے ۔انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی ،قومی سلامتی، گورننس، معیشت، صحت، تعلیم، زراعت اور صنعت میں بڑھتا ہوا کردار ادا کر رہی ہے ۔انہوں نے کہا کہ آج ہم پاکستان کا 80واں یوم آزادی منا رہے ہیں، یہ ہماری تاریخ کا ایک اہم دن ہے اور ہم اسے بڑے جوش و جذبے سے منا رہے ہیں بلاشبہ یہ زندہ قوم کا دن ہے ۔وفاقی وزیر نے کہا کہ یوم آزادی کی تقریبات میں قومی خودشناسی کو بھی اجاگر کرنے کی ضرورت ہے ۔انہوں نے مزید کہا کہ ایک طرف تو ہم ان سب چیزوں کا جشن منا رہے ہیں، لیکن دوسری طرف، ہمیں خودشناسی کرنی ہے ۔انہوں نے کہا کہ آزادی سے اب تک ہم نے کیا کیا، ہم نے کس طرح اپنا حصہ ڈالا اور آگے کیسے بڑھنا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا وژن ہے ، انشاء اللہ ہم خود شناسی کریں گے ۔انہوں نے کہا کہ 1947 میں آزادی کا مطلب جسمانی حدود اور ایک ایسا علاقہ بنانا تھا جسے لوگ پاکستان کہہ سکیں، لیکن آج 2026 میں، اس آزادی کا مطلب ایک طرف ہماری طبعی حدود اور ہماری قومی ریاست، لیکن دوسری طرف تیزی سے بڑھتی ہوئی ڈیجیٹل خودمختاری بھی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ دنیا ٹیکنالوجی کی ایک بڑی تبدیلی سے گزر رہی ہے، صحت، تعلیم، مالیات، زراعت اور صنعت میں ڈیجیٹل ٹولز اہم ہو تے جا رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ قومی سلامتی بھی ٹیکنالوجی کے منظرنامے کا حصہ بن چکی ہے ۔وفاقی وزیر نے کہا کہ گزشتہ سال جب ہم نے اپنے دشمن کے خلاف جنگ لڑی تو جہاں ہمارے سرحدی محافظوں نے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف آرمی سٹاف، چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر صاحب کی قیادت میں جس طرح روایتی جنگ کے ذریعہ ہماری فزیکل سرحدوں کی حفاظت کی، اسی طرح ٹیکنالوجی نے بھی اپنا جنگی کردار ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ سائبر سکیورٹی کے ماہرین، اداروں اور مسلح افواج کے سائبر ونگز نے ڈیجیٹل ڈومین میں پاکستان کی بھرپور صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ سائبر سکیورٹی کے ماہر ہمارے نوجوانوں، اداروں اور ہماری فوج کے سائبر ونگ، ان سب نے مل کر سائبر سکیورٹی کا اس طرح مظاہرہ کیا کہ ہم نے اپنے سب سے بڑے دشمن کو صرف دو دن میں بری طرح شکست دی، اور وہ جنگ بندی کی درخواست کرنے لگے ۔وفاقی وزیر نے کہا کہ عالمی سائبر سکیورٹی رینکنگ میں پاکستان کی بہتر پوزیشن مسلسل کوششوں اور مضبوط قیادت کا نتیجہ ہے ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بین الاقوامی ٹیلی کمیونیکیشن یونین کی سائبر سکیورٹی رینکنگ میں ٹاپ درجے میں چلا گیا ہے ۔انہوں نے کہا کہ یہ حوالے سے ایک مختصر تقریب بھی منعقد کی گئی، جس میں شریک اداروں کے نمائندگان اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (JICA) کے نمائندگان نے شرکت کی۔

بقیہ 9

سرگرمیوں اور صحت کے شعبے سے وابستہ تعلیمی و تربیتی سہولیات کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ملاقات کے دوران دونوں جانب سے باہمی دلچسپی کے مختلف شعبوں میں تعاون پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر تعلیمی شراکت داری، طلبہ و اساتذہ کے تبادلوں، مشترکہ تحقیقی منصوبوں، تجربات کے تبادلے اور اعلیٰ تعلیم کے شعبے میں ادارہ جاتی روابط کو مزید مستحکم کرنے کے امکانات زیرِ بحث آئے ۔دونوں فریقوں نے اس امر پر اتفاق کیا کہ ایسے پائیدار تعاون کے طریقۂ کار وضع کیے جائیں جن سے طلبہ، اساتذہ اور محققین کو زیادہ سے زیادہ فائدہ پہنچ سکے ۔گھانا کے وفد کے اعزاز میں رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے چانسلر ''حسن محمد خان'' کی جانب سے عشائیے کا بھی اہتمام کیا گیا۔عشائیے میں یونیورسٹی کی اعلیٰ قیادت سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے سینئر انتظامی و تعلیمی حکام نے شرکت کی۔ اس موقع پر دونوں ممالک کے درمیان تعلیمی روابط اور مستقبل میں مشترکہ منصوبوں کے حوالے سے بات چیت ہوئی۔اس موقع پر یونیورسٹی حکام نے کہا کہ موجودہ دور میں اعلیٰ تعلیم کے معیار اور دائرہ کار کو وسعت دینے کے لیے بین الاقوامی جامعات اور تعلیمی اداروں کے درمیان روابط ناگزیر ہیں۔ بین الاقوامی تعاون نہ صرف علمی و تحقیقی سرگرمیوں کو فروغ دیتا ہے بلکہ طلبہ اور فیکلٹی کے لیے نئے مواقع پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ جدت، تحقیق اور علم کے تبادلے میں بھی اہم کردار ادا کرتا ہے ۔چانسلر ''حسن محمد خان'' نے رفاہ انٹرنیشنل یونیورسٹی کے بین الاقوامی روابط کو وسعت دینے اور دنیا بھر کے جامعات و اداروں کے ساتھ بامقصد شراکت داری کے فروغ پر ہمیشہ زور دیا ہے۔

بقیہ 10

حسین، ضمیر حسین، جاوید احمد، وسیم عباس، منیر احمد سمیت دیگر رہنماؤں اور کارکنان نے شرکت کی۔ریلی سے خطاب کرتے ہوئے رہنماؤں نے کہا کہ یوم آزادی کے موقع پر ہمیں عہد کرنا چاہیے کہ پاکستان کی خوشحالی، سلامت اور ترقی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے ۔قومی یکجہتی کے فروغ کے لیے رنگ، نسل، مذہب اور قومیت سے بالاتر ہو کر ایک دوسرے کے نظریات اور مذاہب کا احترام کیا جائے ۔مقررین نے کہا کہ فرقہ واریت اور تکفیری سوچ کو فروغ دینے والے عناصر سے دور رہتے ہوئے اتحادِ امت، امن اور بھائی چارے کے لیے مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 11

نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی اور پاکستان کی آزادی، خودمختاری، سلامتی اور استحکام کے لیے خصوصی عزم کا اظہار کیا،تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سینیٹر ناصر بٹ نے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی عظیم قربانیوں اور جدوجہد کا ثمر ہے ۔ آزادی ایک عظیم نعمت اور قومی ذمہ داری ہے، جس کی حفاظت ہم سب کا فرض ہے۔انہوں نے کہا کہ آج ہمیں اس عزم کی تجدید کرنا ہوگی کہ پاکستان کو مضبوط، خوشحال، ترقی یافتہ اور صاف ستھرا ملک بنانے کے لیے اپنی ذمہ داریاں ایمانداری اور خلوص کے ساتھ ادا کریں گے ۔انہوں نے ستھرا پنجاب ایجنسی کے افسران و اہلکاروں کی صفائی کے شعبے میں خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ صاف ستھرا ماحول صحت مند معاشرے اور ترقی یافتہ پاکستان کی بنیاد ہے ،ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی حافظ عبداللہ بٹ نے اپنے خطاب میں کہا کہ یومِ آزادی ہمیں اپنے قومی فرائض اور ذمہ داریوں کا احساس دلاتا ہے ۔ پاکستان کی ترقی کے لیے ہر شہری کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ صفائی صرف حکومت یا کسی ایک ادارے کی ذمہ داری نہیں بلکہ پوری قوم کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اور ستھرا پنجاب کے مشن کو کامیاب بنانے کے لیے عوامی تعاون ناگزیر ہے ،ممبر بورڈ آف ڈائریکٹرز تنویر اختر شیخ نے کہا کہ آزادی کے اس دن ہمیں اپنے شہداء اور قومی ہیروز کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کے ساتھ ساتھ پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے لیے عملی اقدامات کا عہد کرنا چاہیے ۔ انہوں نے ستھرا پنجاب ایجنسی کے افسران اور ورکرز کی محنت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ صفائی کے میدان میں خدمات انجام دینے والے اہلکار معاشرے کے اہم ترین خدمت گار ہیں۔ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے کہا کہ پاکستان ہماری پہچان، عزت اور سب سے بڑی ذمہ داری ہے۔

بقیہ 12

شرکت کی۔ اس کے علاوہ تقاریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو (ADCR) عمر اویس کیانی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل (ADCG) کامران صغیر اور اسسٹنٹ کمشنر (AC) مری کیپٹن (ر) ارشد اقبال بھی موجود تھے ۔تقریبات کے دوران قومی پرچم لہرانے کی پروقار تقریبات منعقد ہوئیں اور وطنِ عزیز کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں مانگی گئیں۔ضلعی انتظامیہ اور عسکری قیادت کی ان تقریبات میں شرکت نے مری کے شہریوں اور بالخصوص نوجوانوں میں جشنِ آزادی کا جوش و خروش مزید بڑھا دیا۔

بقیہ 13

کی تقسیم سمیت مختلف سرگرمیوں کا اہتمام کیا گیا۔ تقریبات میں سیاسی و سماجی شخصیات، تاجروں، صحافیوں، سرکاری افسران، ملازمین اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی اور وطنِ عزیز سے محبت و عقیدت کا اظہار کیا۔ بلدیہ گوجرخان میں ایڈمنسٹریٹر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ کی قیادت میں جشنِ آزادی کے حوالے سے پرچم کشائی اور کیک کاٹنے کی پروقار تقریب منعقد ہوئی۔تقریب میں اے ایس پی سید دانیال حسن، سی او بلدیہ غلام قمر وڑائچ، ستھرا پنجاب گوجرخان کے سینئر منیجر کامران اور آپریشنل منیجر بابر شکیل، بلدیہ ملازمین، ریسکیو 1122 کے اہلکاروں، پولیس ملازمین، صحافی برادری، تاجروں، سیاسی و سماجی شخصیات سمیت مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔تقریب کے دوران پولیس تھانہ گوجرخان کے چاک و چوبند دستے نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی، جس کے بعد پرچم کشائی کی گئی۔شرکاء نے پاکستان کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعا کی، جبکہ جشنِ آزادی کی خوشی میں کیک بھی کاٹا گیا۔اس موقع پر شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ملک کی تعمیر و ترقی، قومی یکجہتی اور عوامی خدمت کے جذبے کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ دریں اثنا تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال گوجرخان میں بھی جشنِ آزادی کے سلسلہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عمر فاروق کی جانب سے منعقدہ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل سٹاف اور ہسپتال کے دیگر ملازمین نے شرکت کی۔اس موقع پر قومی پرچم لہرایا گیا اور جشنِ آزادی کا کیک کاٹا گیا۔ڈی ڈی ایچ او گوجرخان ڈاکٹر عامر شیخ نے جشنِ آزادی کے موقع پر شجرکاری کے حوالے سے پودا بھی لگایا، جبکہ شرکاء نے ملکی ترقی، سلامتی اور خوشحالی کے لیے دعا کی۔جشنِ آزادی کی تقریبات کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ نے سی او بلدیہ غلام قمر وڑائچ کے ہمراہ تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کے مختلف وارڈز کا دورہ کیا۔انہوں نے زیرِ علاج مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کی، انہیں جشنِ آزادی کی مبارکباد دی اور تحائف تقسیم کیے۔ اس موقع پر ہسپتال انتظامیہ اور طبی عملے نے تجی مریضوں کی عیادت اور دیکھ بھال کے حوالے سے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ دوسری جانب گوجرخان کے سرکاری اسکولوں اور کالجز میں بھی جشنِ آزادی کے سلسلے میں خصوصی تقریبات کا اہتمام کیا گیا، جن میں طلبہ و طالبات اور اساتذہ نے قومی جوش و جذبے کے ساتھ شرکت کی۔ اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان خضر ظہور گورائیہ نے مختلف تعلیمی اداروں میں منعقدہ تقریبات میں شرکت کی، جبکہ شہر کے مختلف مقامات پر بھی جشنِ آزادی کی تقریبات منعقد کی گئیں۔جشنِ آزادی کے موقع پر گوجرخان میں سرکاری و عوامی سطح پر منعقدہ تقریبات نے شہر کو ملی جوش و جذبے کی فضا میں بدل دیا۔مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت اور قومی پرچم سے اظہارِ محبت نے اس عزم کو اجاگر کیا کہ پاکستان کی ترقی، خوشحالی، استحکام اور قومی یکجہتی کے لیے اجتماعی کردار ادا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

بقیہ 14

ملی نغموں کی خوبصورت پیشکش نے تقریب کے شرکاء کے جذبہ حب الوطنی کو مزید اجاگر کیا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن اینڈ کلچر پنجاب شازیہ رضوان نے کہا کہ پاکستان ہمارے بزرگوں کی لازوال قربانیوں اور جدوجہد کا ثمر ہے۔ہمیں آزادی کی قدر کرتے ہوئے ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے ۔شازیہ رضوان نے افواجِ پاکستان کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج ملکی دفاع اور قومی سلامتی کے لیے بھرپور خدمات سرانجام دے رہی ہے ۔ پوری قوم اپنی بہادر افواج کے ساتھ کھڑی ہے اور وطن کے دفاع کے لیے دی جانے والی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے ۔انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل پاکستان کا روشن مستقبل ہے، انہیں قائداعظم محمد علی جناحؒ اور علامہ محمد اقبالؒ کے افکار کو مشعلِ راہ بناتے ہوئے ملک کی تعمیر و ترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔تقریب کے اختتام پر پاکستان کی سلامتی، استحکام، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں اور شرکاء نے پاکستان زندہ باد کے نعروں کے ساتھ اپنے وطن سے محبت کا اظہار کیا۔

بقیہ 15

ہلالی پرچم کو سلامی پیش کی۔تقریب میں طلبہ و طالبات نے ملی نغمے پیش کر کے وطن سے محبت کا اظہار کیا، کمشنر سلمان غنی نے کہا کہ سبز ہلالی پرچم کے سائے تلے متحد ہو کر پاکستان کی ترقی و خوشحالی کے لیے کام کرنا ہوگا، ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے یوم آزادی تجدید عہد کا دن ہے، ہمیں ملکی ترقی ، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا عزم کرنا ہوگا۔

بقیہ 16

مقامی لیگی رہنماؤں کی کارکردگی زبانی دعووں، فوٹو سیشن اور تشہیری سرگرمیوں سے آگے نہیں بڑھ سکی، جبکہ گوجرخان کے بنیادی مسائل آج بھی برقرار ہیں۔پانی کی قلت، معیاری علاج معالجے اور تعلیمی سہولیات کی کمی کے ساتھ سرکاری ہسپتال میں بھی بنیادی طبی سہولیات کے فقدان کی شکایات ہیں۔ ناقص سیوریج نظام کے باعث بارش ہوتے ہی گلیاں اور محلے ندی نالوں کا منظر پیش کرنے لگتے ہیں، جسے شہری مقامی و قومی نمائندوں کی عدم توجہی کا منہ بولتا ثبوت قرار دیتے ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ میاں شہباز شریف کے دور میں جی ٹی روڈ پر گوجرخان کے باسیوں کو وسیع رقبے پر پارک کا تحفہ دیا گیا تھا، مگر مقامی لیگی قیادت کی عدم توجہی کے باعث یہ تفریحی مقام بھی اجڑ چکا ہے۔سابق صوبائی وزیر کی رہائش گاہ کے سامنے واقع پارک میں بڑی بڑی جڑی بوٹیاں اور جھاڑیاں اس کی حالتِ زار کی عکاسی کرتی ہیں اور یہ مقام جنگل کا منظر پیش کرتا ہے ۔شہری سوال اٹھاتے ہیں کہ جب مقامی رہنماؤں سے ایک موجود پارک کی تزئین و آرائش، بحالی اور تفریحی سرگرمیوں کا دوبارہ آغاز تک نہیں ہو سکا تو ان کی عملی کارکردگی کا معیار کیا ہے؟ سیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ ماضی اور حال میں مسلم لیگ ن کے مقامی رہنماؤں کو اقتدار کے متعدد مواقع ملے اور بیشتر اوقات وہ اپنی ہی جماعت کی حکومتوں میں اقتدار کا حصہ رہے، مگر گوجرخان کو پانی، صحت، تعلیم، سیوریج ا

راولپنڈی ستھرا پنجاب ایجنسی میں یومِ آزادی کی پروقار تقریب

سینیٹر ناصر محمود بٹ نے قومی پرچم لہرایا اور آزادی، سلامتی واستحکام کے لیے دعا کی افسران واسٹاف نے قومی پرچم کو سلامی پیش کی

صفائی قومی ذمہ داری قرار، ایم ڈی رانا ساجد صفدر کا شہریوں کو صحت مند ماحول فراہم کرنے کے لیے مزید اقدامات کا اعلان

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے ہیڈ آفس میں یوم آزادی پاکستان کے موقع پر ایک پروقار، شاندار اور ملی جوش وجذبے سے بھرپور تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں سینیٹر ناصر محمود بٹ، ممبران بورڈ آف ڈائریکٹرز راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی حافظ عبداللہ بٹ اور تنویر اختر شیخ، ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر، افسران اور دیگر ملازمین نے بھرپور شرکت کی، تقریب کا آغاز پرچم کشائی سے ہوا، جہاں سینیٹر ناصر بٹ نے قومی پرچم لہرایا، جبکہ اس موقع پر قومی ترانہ بھی پیش کیا گیا۔ افسران و اسٹاف (بقیہ نمبر 11)

راولپنڈی سینٹر ناصر محمود بٹ، ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر ایس پی اے ہیڈ آفس میں منعقدہ یوم آزادی کی تقریب میں افسران اور سٹاف کے ہمراہ کیک کاٹ رہے ہیں

افواج پاکستان کا یومِ آزادی کے پرمسرت موقع پر مبارکباد

مسلح افواج کی جانب سے غازیوں اور سابق فوجیوں کی خدمات کو سلام ہے

راولپنڈی (این این آئی) افواج پاکستان کی جانب سے قوم کو پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے پرمسرت موقع پر مبارکباد دی گئی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ چیف آف آرمی اسٹاف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل، نیول چیف اور ایئر چیف نے قوم کو 79ویں (بقیہ نمبر 17)

لاہور: صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر و بیت المال سہیل شوکت بٹ اور ڈی جی ڈاکٹر شہنشاہ فیصل عظیم سوشل ویلفیئر کمپلیکس میں چلڈرن ہوم کے بچوں و دیگر کے ساتھ یوم آزادی کا کیک کاٹ رہے ہیں

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 7 افراد زیر حراست

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والے 7 افراد کو حراست میں لے لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس نے کارروائیاں کرتے ہوئے 07 افراد کو حراست میں لے کر اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا، زیر حراست افراد کے خلاف کارروائیاں تھانہ سٹی، رتہ امرال، ٹیکسلا، صدر واہ اور کہوٹہ کے علاقوں میں کی گئیں، ڈویژنل ایس پیز کا کہنا تھا کہ ناجائز اسلحہ رکھنے والے افراد کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

راولپنڈی، گھر میں داخل ہوکر خاتون کو ہراساں کرنے والا شخص گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) رتہ امرال پولیس نے گھر میں داخل ہوکر خاتون کو ہراساں کرنے والا شخص گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے گھر میں داخل ہوکر خاتون کو ہراساں کرنے والے شخص کو گرفتار کرلیا، مدعیہ مقدمہ کے مطابق زیر حراست شخص اس کے گھر میں داخل ہوا اور اسے ہراساں کیا، رتہ امرال پولیس نے خاتون کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے گرفتار کرلیا، ایس پی راول بیدار بخت گوندل کا کہنا تھا کہ زیر حراست شخص کو ٹھوس شواہد کی ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، خواتین، بچوں پر (بقیہ نمبر 19)

جشن آزادی پر ملکہ کوہسار مری میں سیاحوں کا سیلاب امڈ آیا

مری کی فضائیں ''پاکستان زندہ باد'' کے نعروں سے گونج اٹھیں

مری (این این آئی) جشن آزادی کے موقع پر ملکہ کوہسار مری میں سیاحوں کا سیلاب امڈ آیا جس کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ جشن آزادی کی تقریبات کے آغاز کے ساتھ ہی مری کی فضائیں ''پاکستان زندہ باد'' کے نعروں سے گونج اٹھیں، جبکہ آسمان رنگ برنگی روشنیوں اور شاندار آتش بازی سے جگمگا اٹھا۔ مال روڈ پر آتش بازی کا مظاہرہ دیکھنے (بقیہ نمبر 18)

آزادی کی تقریبات میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی اور سٹیشن کمانڈر بریگیڈیئر احمد نواز شریک ہیں

مری میں جشن آزادی بھرپور جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا

جشن آزادی کی تقریبات میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی اور سٹیشن کمانڈر بریگیڈیئر احمد نواز نے خصوصی طور پر شرکت کی

جشن آزادی کی تقریبات میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی اور سٹیشن کمانڈر بریگیڈیئر احمد نواز نے خصوصی طور پر شرکت کی

مری (نمائندہ عوامی للکار) ملکہ کوہسار مری میں جشنِ آزادی پاکستان روایتی جوش وجذبے، ملی وقار اور شایانِ شان طریقے سے منایا گیا۔ اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کے زیرِ اہتمام مختلف پروقار تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جن میں سرکاری و عسکری حکام نے بھرپور شرکت کی۔ جشنِ آزادی کی تقریبات میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی اور سٹیشن کمانڈر بریگیڈیئر احمد نواز نے خصوصی طور پر (بقیہ نمبر 12)

سرگودھا میں یومِ آزادی پورے عقیدت واحترام سے منایا گیا

شہر کو رنگا رنگ جھنڈیوں اور قومی پرچموں کے ساتھ سجا کر عمارتوں پر چراغاں کیا گیا

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا میں یومِ آزادی پورے عقیدت واحترام سے منایا گیا جس کا آغاز مساجد میں دعاؤں اور پرچم کشائی کے ساتھ ہوا اور شہر کو رنگا رنگ جھنڈیوں اور قومی پرچموں کے ساتھ سجا کر عمارتوں پر چراغاں کیا گیا۔ زرائع کے مطابق سرگودھا میں پاکستان کا 79ویں یوم آزادی پورے جوش وجذبہ سے منایا گیا جہاں دن کا آغاز مساجد میں خصوصی دعاں کے ساتھ ہوا اور پرچم کشائی کی تقریب میں اراکین اسمبلی اور افسران (بقیہ نمبر 20)

دو ماہ سے شادی شدہ دلہن پر شوہر، دیور اور خواتین کا تشدد

تشدد سے دل نہ بھرا تو نوجوان دیور نے فائرنگ کر کے بھاوج کو قتل کردیا

سرگودھا (این این آئی) شوہر، دیور اور گھر کی خواتین نے مل کر 2 ماہ سے شادی شدہ دلہن دوشیزہ کو تشدد کا نشانہ بنایا اور نوجوان دیور نے فائرنگ کر کے بھاوج کو قتل کر دیا پولیس نے مقتولہ کی نعش پوسٹ مارٹم کے بعد ورثا کے سپرد کر دی اور مقدمہ قتل درج کر کے مصروف تفتیش ہے۔ زرائع کے مطابق سرگودھا ریجن میں کمرمشانی کے علاقہ مندہ خیل میں شوہر اعجاز خان، دیور ساجد نے گھر کی خواتین تنزیلہ بی بی، ثمینہ بی بی، نادیہ (بقیہ نمبر 22)

ایرانی سفیر کی ویں یومِ آزادی پر حکومت وعوام کو دلی مبارکباد

ایران پاکستان کی مسلسل خوشحالی، فلاح، امن، ترقی کیلئے دعا گو ہے، امیر مقدم

اسلام آباد (این این آئی) ایرانی سفیر رضا امیری مقدم نے پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر پاکستانی حکومت اور عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں ایرانی سفیر نے کہا کہ پاکستان ایک عظیم دوست، ہمسایہ اور برادر ملک ہے، پاکستانی قوم کی استقامت، اتحاد اور شاندار کامیابیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ رضا امیری مقدم (بقیہ نمبر 23)

گوجرخان میں جشن آزادی کی تقریبات

پرچم کشائی، کیک کاٹنے کی پروقار تقاریب

بلدیہ، ٹی ایچ کیو ہسپتال میں جشنِ آزادی کی تقریبات، پولیس دستے کی سلامی، قومی یکجہتی کا مظاہرہ

اسسٹنٹ کمشنر خضر ظہور گورائیہ کی قیادت میں جشنِ آزادی تقریبات، ہسپتال میں مریضوں اور لواحقین میں تحائف تقسیم

گوجرخان کے سرکاری تعلیمی اداروں اور مختلف مقامات پر جشنِ آزادی کی تقریبات، شجرکاری بھی کی گئی

جشنِ آزادی کے موقع پر ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر عامر شیخ کی شجرکاری، ٹی ایچ کیو ہسپتال میں پودا لگا کر سرسبز پاکستان کا پیغام

گوجرخان (قمر شہزاد) جشنِ آزادی کے موقع پر گوجر خان میں مختلف سرکاری اداروں، تعلیمی مراکز اور دیگر مقامات پر رنگا رنگ اور پروقار تقریبات کا انعقاد کیا گیا، جن میں قومی پرچم سربلند کرنے، کیک کاٹنے، شجرکاری اور مریضوں و شہریوں میں تحائف (بقیہ نمبر 13)

جشنِ آزادی کے موقع پر گوجرخان میں مختلف سرکاری اداروں، تعلیمی مراکز اور دیگر مقامات پر رنگا رنگ اور پروقار تقریبات کا انعقاد کیا گیا

لاہور صوبائی وزیر کھیل ملک فیصل ایوب کھوکھر جشن آزادی کے موقع پر پنجاب اسٹیڈیم میں ہونے والی کی ایم پنجاب فیملی فن سائیکلنگ ریس کا افتتاح کر رہے ہیں

ملکی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، کئی چیلنجز درپیش ہیں

ترسیلات زر اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہو رہا ہے، جمیل احمد

کراچی (این این آئی) گورنر اسٹیٹ بینک جمیل احمد نے کہا ہے کہ ترسیلات زر اور زرمبادلہ کے ذخائر میں اضافہ ہو رہا ہے، ملکی معیشت درست سمت میں گامزن ہے تاہم عالمی معیشت میں تبدیلیاں اور کئی چیلنجز درپیش ہیں۔ سٹیٹ بینک میں جشن آزادی کے موقع (بقیہ نمبر 25)

ایس پی صدر زون خالد محمود اعوان کی کھلی کچہری

شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے

اسلام آباد (این این آئی) ایس پی صدر زون خالد محمود اعوان نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن کر حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس پی صدر زون خالد محمود اعوان نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے مسائل کی فوری دادرسی کو یقینی بنانے کیلئے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری (بقیہ نمبر 26)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق، پارلیمانی سیکرٹری رشدہ لودھی، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پی آئی سی پروفیسر ڈاکٹر سید یم ایس ڈاکٹر محمد عامر رفیق بٹ یوم آزادی کا کیک کاٹ رہے ہی

پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان میں کی پروقار تقریب کا انعقاد

ملک کی سلامتی، استحکام، ترقی وخوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی

گوجرخان (این این آئی) پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان میں جشن آزادی پاکستان کے سلسلہ میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب صدر پوٹھوہار پریس کلب شہزادہ ارباب اعجاز اور جنرل سیکرٹری راجہ محمد اقبال کی زیرِ اہتمام منعقد ہوئی، جس کے مہمانِ خصوصی ممبر صوبائی اسمبلی راجہ شوکت عزیز بھٹی جبکہ خصوصی مہمان نوجوان مسلم لیگی رہنما ثاقب علی بیگ ایڈووکیٹ تھے۔ تقریب میں صحافیوں کی بڑی تعداد سمیت سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی۔ اس موقع پر جشن آزادی کا کیک بھی کاٹا گیا اور ملک کی سلامتی، استحکام، ترقی وخوشحالی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایم پی اے راجہ شوکت عزیز بھٹی نے کہا کہ پاکستان کسی تحفے یا اتفاق سے معرضِ وجود میں نہیں آیا بلکہ اس کے قیام کے (بقیہ نمبر 27)

ایس ایس پی آپریشنز کا فیصل مسجد اور جی سکس امام بارگاہ کا دورہ

پولیس افسران کو اپنے فرائض مستعدی اور انتہائی چوکس ہوکر سرانجام دینے کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے نماز جمعہ کے موقع پر فیصل مسجد اور جی سکس امام بارگاہ کا دورہ کر کے پولیس افسران کو اپنے فرائض مستعدی اور انتہائی چوکس ہوکر سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی آپریشنز اسلام آباد قاضی علی رضا نے نماز جمعہ کے موقع پر فیصل مسجد اور جی (بقیہ نمبر 28)

لاہور: وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین جشن آزادی کے موقع پر جیل روڈ لاہور پر شہریوں میں مفت پودے تقسیم کر رہے ہیں

باجوڑ میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ، اہلکار شہید

شہید پولیس جوان ظاہر شاہ کی نمازِ جنازہ پولیس لائن میں ادا کردی گئی

باجوڑ (این این آئی) باجوڑ میں تحصیل برنگ کے علاقے کوہی سر میں نامعلوم مسلح افراد نے پولیس چیک پوسٹ پر حملہ کردیا، جس کے نتیجے میں ایک پولیس اہلکار شہید ہوگیا۔ پولیس کے مطابق دہشتگردوں نے تھانہ برنگ کوہی سر کی پولیس پوسٹ کو نشانہ بنایا، جہاں اہلکاروں نے حملہ آوروں کا بہادری سے مقابلہ کیا۔ فائرنگ کے دوران پولیس اہلکار ظاہر (بقیہ نمبر 29)

لاہور سپورٹس بورڈ پنجاب کی جانب سے نیشنل ہاکی اسٹیڈیم میں جشن آزادی کے موقع پر پرچم کشائی کی تقریب میں خواتین افسران کیک کاٹ رہی ہیں

آئی جی اسلام آباد کی کھلی کچہری، شہریوں اور پولیس افسران کو مسائل سنے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کھلی کچہری کے دوران شہریوں اور پولیس افسران کو مسائل سنے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں "اوپن ڈور پالیسی کے تحت" کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ انہوں نے کھلی کچہری میں شہریوں (بقیہ نمبر 21)

عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 16 جرائم پیشہ عناصر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس نے سنگین جرائم میں ملوث عدالتی مفروران اور اشتہاریوں سمیت 16 جرائم پیشہ عناصر گرفتار کرلئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے جرائم کے انسداد اور جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری کے لئے موثر کریک ڈاون جاری ہے۔ اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ گولڑہ، تھانہ شمس کالونی، (بقیہ نمبر 24)

ہر شہری کو بلا امتیاز انصاف کی فراہمی مضبوط پاکستان کی بنیاد ہے

نیب لاہور میں یوم آزادی کی پروقار تقریب، قومی جذبے اور حب الوطنی کا شاندار اظہار

لاہور (این این آئی) پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر قومی احتساب بیورو (نیب) لاہور میں ڈائریکٹر جنرل نیب لاہور مرزا فاران بیگ کی خصوصی ہدایت اور سرپرستی میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں نیب لاہور کے افسران، اہلکاروں، ان کے بچوں اور معزز مہمانوں نے بھرپور شرکت کی۔ تقریب میں ڈائریکٹر جنرل نیب لاہور مرزا فاران بیگ نے خصوصی شرکت کرتے ہوئے افسران اور بچوں کے ہمراہ یوم آزادی (بقیہ نمبر 30)

خصوصی افراد کی فلاح و بہبود حکومت کی ترجیح ہے، ڈپٹی کمشنر اٹک

معاشرے کے محروم طبقات کو سہولیات کی فراہمی ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے

اٹک (این این آئی) گورنمنٹ اسفند یار بخاری ڈسٹرکٹ ہسپتال اٹک میں اٹک ویلفیئر سوسائٹی کے زیر اہتمام خصوصی افراد میں 20 وہیل چیئرز تقسیم کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر اٹک ڈاکٹر مدثر احمد شاہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے خصوصی افراد میں وہیل چیئرز تقسیم کیں اور اٹک ویلفیئر سوسائٹی کی جانب سے فلاحی سرگرمیوں کو سراہا۔ تقریب میں اسسٹنٹ کمشنر عارف قریشی، ایم ایس گورنمنٹ اسفند یار بخاری ڈسٹرکٹ ہسپتال (بقیہ نمبر 31)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

راولپنڈی آرٹس کونسل میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب

جس میں پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن اینڈ کلچر پنجاب شازیہ رضوان نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی

ہمیں آزادی کی قدر کرتے ہوئے ملک کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے، شازیہ رضوان

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) یوم آزادی پاکستان کے موقع پر راولپنڈی آرٹس کونسل میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں پارلیمانی سیکرٹری انفارمیشن اینڈ کلچر پنجاب شازیہ رضوان نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ پارلیمانی سیکرٹری شازیہ رضوان نے سبز ہلالی پرچم فضا میں بلند کیا۔ اس موقع پر قومی پرچم کو سلامی پیش کی گئی جبکہ ملک وقوم کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی۔ تقریب میں طلبہ وطالبات نے ملی نغمے پیش کرکے وطنِ عزیز سے اپنی والہانہ محبت اور عقیدت کا اظہار کیا۔ (بقیہ نمبر 14)

ایم این اے طاہرہ اورنگزیب، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وثقافت پنجاب شازیہ رضوان۔ بے نظیر بھٹو ہسپتال راولپنڈی کے زیر اہتمام یوم آزادی پاکستان کے سلسلے میں جشن آزادی کے تقریب کے موقع پر پرچم کشائی کر رہی ہیں

سابقہ رنجش پر چھری کے وار سے شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ صدر بیرونی پولیس نے سابقہ رنجش پر چھری کے وار سے شہری کو قتل کرنے والا ملزم گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر بیرونی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سابقہ رنجش پر چھری کے وار سے شہری کو قتل کرنے والے ملزم کو گرفتار کرلیا، زیر حراست شخص شہری شیر رحمان کو قتل کرکے فرار ہو گیا تھا، صدر بیرونی پولیس نے ٹیکنیکل و ہیومن انٹیلیجنس ذرائع سے ملزم کو گرفتار کرلیا، ایس پی صدر انعم شیر کا کہنا تھا (بقیہ نمبر 32)

موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 گینگز کے 6 ارکان گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راول ڈویژن پولیس نے ڈکیتی، موٹر سائیکل چوری و دیگر چوری کی وارداتوں میں ملوث 2 گینگز کے 6 ارکان گرفتار کرکے 3 مسروقہ موٹر سائیکل، رقم 32 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے 2 مسروقہ موٹر سائیکل، رقم 15 ہزار روپے اور اسلحہ برآمد کیا، (بقیہ نمبر 33)

1,172 اہلکاروں کو فوجی اعزازات دینے کی منظوری

اہل قیدیوں کی سزاؤں میں 100 روز کی خصوصی معافی کی بھی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم کی جانب سے بھجوائی گئی متعدد سمریوں کی منظوری دیدی ہے۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جمعہ کو جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے مسلح افواج اور سول آرمڈ فورسز کے 1,172 اہلکاروں کو فوجی اعزازات دینے کی منظوری دی ہے، مختلف سول شعبوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں کو قومی اعزازات دینے کی بھی منظوری دی گئی ہے۔ صدر مملکت نے 17 اگست کو قومی اسمبلی کا اجلاس شام 5 بجے اور سینیٹ کا اجلاس شام 4 بجے طلب کرنے کی منظوری دیدی ہے۔ (بقیہ نمبر 34)

یوم آزادی راولپنڈی میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب کا انعقاد

تقریب میں کمشنر راولپنڈی سلمان غنی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے سبز ہلالی پرچم فضا میں بلند کیا

پنجاب پولیس کے چاک وچوبند دستے نے سلامی پیش کی، طلبہ وطالبات نے ملی نغمے پیش کرکے وطن سے محبت کا اظہار کیا

سبز ہلالی پرچم کے سائے تلے متحد ہوکر پاکستان کی ترقی وخوشحالی کے لیے کام کرنا ہوگا، کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی

یوم آزادی تجدید عہد کا دن ہے، ہمیں ملکی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرنے کا عزم کرنا ہوگا، ندیم ناصر

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) یوم آزادی کے موقع پر ضلع راولپنڈی میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب کا انعقاد، تقریب میں کمشنر راولپنڈی سلمان غنی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ کمشنر راولپنڈی ڈویژن سلمان غنی اور ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کیپٹن (ر) ندیم ناصر نے سبز ہلالی پرچم فضا میں بلند کیا۔ پنجاب پولیس کے چاک و چوبند دستے نے سبز (بقیہ نمبر 15)

یوم آزادی کے موقع پر ضلع راولپنڈی میں پرچم کشائی کی مرکزی تقریب میں کمشنر سلمان غنی اور ڈپٹی کمشنر ندیم ناصر موجود ہیں

گوگل کا یوم آزادی پر پاکستان کو خوبصورت ڈوڈل کے ذریعے خراجِ

اسلام آباد (این این آئی) ٹیکنالوجی کمپنی گوگل کی جانب سے یوم آزادی کے موقع پر پاکستان کو خصوصی ڈوڈل کے ذریعے خراج تحسین پیش کیا گیا ہے۔ دنیا کے مقبول ترین سرچ انجن گوگل نے 14 اگست 2026ء کو پاکستان کے یوم آزادی کے موقع پر اپنا (بقیہ نمبر 36)

جشن آزادی کا مقصد باجے اور شور وغل مچانا نہیں، شیخ نعیم طاہر

سرگودھا (این این آئی) اتحاد العلما ضلع سرگودھا کے سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر نے کہا کہ جشن آزادی کا مقصد باجے اور شور وغل مچانا نہیں بلکہ نونہالان وطن کو تحریک آزادی کی لازوال قربانیوں سے روشناس کر کے انہیں پاکستان کا مطلب کیا لاالہ الااللہ سے آگاہی دینے کے ساتھ نعمت آزادی کے (بقیہ نمبر 37)

نوجوان وی لاگر موٹر سائیکل سمیت دریائے سواں میں گر کر جاں بحق

ٹک ٹاک پر ان کے بائیو میں لکھا تھا ''دو پہیوں پر دنیا گھومنے کے لیے پیدا ہوئی لڑکی''

راولپنڈی (این این آئی) پاکستانی وی لاگر کومل خان راولپنڈی میں پیش آنے والے ایک افسوسناک حادثے میں جان کی بازی ہار گئیں۔ 28 سالہ کومل خان کو موٹر سائیکل چلانے اور ڈیجیٹل کانٹینٹ بنانے کا شوق تھا۔ وہ سوشل میڈیا پر اپنے روزمرہ سفر اور خوبصورت مقامات کی ویڈیوز اور ریلز شیئر کرتی تھیں۔ ٹک ٹاک پر ان کے تقریباً 5 ہزار فالوورز تھے جبکہ ان کے بائیو میں لکھا تھا ''دو پہیوں پر دنیا گھومنے کے لیے پیدا ہوئی لڑکی''۔ رپورٹس (بقیہ نمبر 35)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان گورنر ہاؤس لاہور میں 79ویں یوم آزادی کے موقع پر کیک کاٹ رہے ہیں

گوجرخان میں لیگ کی دھڑے بندی عوامی مسائل برقرار

کارکردگی فوٹو سیشن تک محدود

پانی، صحت، تعلیم، سیوریج اور اجڑا پارک اقتدار کے کئی ادوار کے باوجود اہلیان گوجرخان بنیادی سہولیات سے محروم

لیگی رہنماؤں کے اختلافات کا نقصان ن لیگ کو، خمیازہ عوام بھگت رہے ہیں شہریوں کا سوال ووٹ کا حق آخر کب ادا ہوگا؟

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان میں مسلم لیگ ن کی مقامی قیادت کی باہمی دھڑے بندی اور اختلافات ایک بار پھر عوامی حلقوں میں موضوع بحث بن گئے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ مقامی لیگی رہنماؤں کے باہمی اختلافات کا نقصان جماعت کو بھی پہنچ رہا ہے، تاہم اصل خمیازہ گوجرخان کے عوام بھگت رہے ہیں۔ حالیہ جشنِ آزادی کی تقریبات میں بھی مختلف دھڑوں کی الگ الگ سرگرمیوں سے یہ تاثر نمایاں ہوا کہ ایک دھڑا موجود ہوتو دوسرا دکھائی نہیں دیتا۔ شہری حلقوں کے مطابق (بقیہ نمبر 16)

پاکستان کا قیام بے شمار لازوال قربانیوں کے بعد عمل میں آیا

یہی مملکت ہماری شناخت، آزادی اور سلامتی کی ضامن ہے، شیخ آفتاب

اٹک (این این آئی) پاکستان کے 79ویں یوم آزادی کے سلسلے میں ضلع اٹک میں مرکزی پرچم کشائی کی پروقار تقریب ضلع کونسل ہال اٹک کے سبزہ زار میں منعقد ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی رکن قومی اسمبلی شیخ آفتاب احمد تھے، جبکہ ڈپٹی کمشنر اٹک ڈاکٹر مدثر احمد شاہ نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اٹک کیپٹن (ر) علی بن طارق، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل انیل سعید، پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ ہولڈر و چیئرمین ہیلتھ کمیٹی ملک حمید اکبر، مسلم لیگ (ن) کے رہنما ملک حمزہ صفدر، پاکستان مسلم لیگ نواز کے ضلعی صدر سلیم شہزاد، تحصیل صدر میاں شاہ نواز شانی، چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن (بقیہ نمبر 38)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ
ہم سے بنوائیں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈپریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035